58

شیلش اور شرت نے تمغہ جیتا

ہشین یوا جیمز میں ہندوستان کے شیلش کمار نے مردوں کی اونچی چھلانگ ٹی ۶۳ مقابلے میں طلائی تمغہ جیتا جبکہ ہندوستان کے ہی شرت کمار نے نقرئی تمغہ حاصل کیا۔ ... (تفصیلات اندر)

سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

امت مشرا دہلی کوچ مقرر

... (تفصیلات اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 291 | صفحات : 08 | ۲۲ اکتوبر ۲۰۲۶ء بروز جمعرات بمطابق ۱۰ جمادی الاول ۱۴۴۸ | Thursday 22nd October 2026 | جلد نمبر 58

الیکشن کمیشن کا لداخ میں پنچایت انتخابات کا اعلان

ایل اے ایچ ڈی سی کی نشستیں بڑھ کر 100 ہوئیں، کارگل کونسل تحلیل

سرینگر/یو این آئی/ مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ میں الیکشن کمیشن نے 21 نومبر سے تمام پنچایت حلقوں میں پنچایت عام انتخابات کرانے کی تجویز پیش کی ہے۔ اس کے علاوہ انتظامیہ نے آٹھ لداخ خود مختار پہاڑی ترقیاتی کونسلوں' (ایل اے ایچ ڈی سی) کے لیے 100 منتخب حلقوں کو نوٹیفائی کیا ہے۔ وہیں، اضلاع کی تنظیم نو کے بعد اس وقت کی ایل اے ایچ ڈی سی کارگل کو تحلیل کر دیا گیا ہے۔ کمیشن کی جانب سے جاری کردہ الیکشن شیڈول کے مطابق انتخابات کی نوٹیفکیشن 26 اکتوبر کو جاری کی جائے گی۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ دو نومبر ہے، جبکہ تین نومبر کو کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال ہوگی اور پانچ نومبر تک نام واپس لیے جاسکیں گے۔ پولنگ 21 نومبر کو ہوگی۔ کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ پنچایت انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں اور سیاسی جماعتوں کے لیے ضابطہ اخلاق فوری اثر سے نافذ ہو گیا ہے۔

حکومت کشمیر میں دہشت گردی پر قابو پانے میں بڑی حد تک کامیاب

پولیس یادگاری دن کے موقعہ پر منعقدہ تقریب سے امیت شاہ کا خطاب

سرینگر/ جے کے این ایس/ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بدھ کے روز کہا کہ ملک نے داخلی سلامتی کے بڑے چیلنجوں سے نمٹنے میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ حکومت کشمیر میں دہشت گردی پر قابو پانے میں بڑی حد تک کامیاب رہی ہے۔ خبر رساں ایجنسی جے کے این ایس کے مطابق، دلی میں پولیس یادگاری دن کے موقعہ پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ کشمیر، شمال مشرق اور نکسل ازم سے متاثرہ علاقے دہائیوں سے داخلی سلامتی کے حوالے سے حساس ترین مقامات رہے ہیں، لیکن اب ان تینوں خطوں میں امن قائم ہے۔ امت شاہ نے/1

جانیں قربان کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراجِ عقیدت/مودی

ہنگامی حالات سے نمٹنے اور شہریوں کی حفاظت کرنے میں پولیس کا کردار بے حد اہم

نئی دہلی/یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے بدھ کے روز فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانیں قربان کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے شہریوں کی حفاظت اور عوامی سلامتی برقرار رکھنے کے لیے پولیس اہلکاروں کی لگن پر اظہار تشکر کرتے ہوئے ملک کی خدمت میں اپنی جان قربان کرنے والے اہلکاروں کی بہادری اور قربانی کو یاد کیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے پیغام میں مودی نے کہا کہ پولیس یادگاری دن ان اہلکاروں کے عزم اور تئیں گہرے تشکر کے اظہار کا موقع ہے، جو انتہائی مشکل حالات میں بھی غیر معمولی لگن کے ساتھ اپنی خدمات انجام دیتے ہیں۔ "ڈیوٹی کے دوران جان گنوانے والے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ ان کی بہادری، غیر متزلزل لگن اور قربانی ہمیشہ ملک کی یادوں میں محفوظ رہے گی۔ انہوں نے کہا، "ہم ان بہادر پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، جنہوں نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانیں قربان کر دیں۔ ان کی بہادری، غیر متزلزل

لگن اور عظیم قربانی ہمیشہ ہماری قومی یادوں میں محفوظ رہے گی۔" پولیس یادگاری دن ہر سال 21 اکتوبر کو منایا جاتا ہے۔ اس دن ملک کی خدمت کے دوران جان قربان کرنے والے پولیس اہلکاروں کو یاد کیا جاتا ہے۔ یہ دن 21 اکتوبر 1959 کو لداخ کے ہاٹ اسپرنگس علاقے میں ہندوستان اور چین کی سرحد کے ساتھ/3 فرض شناسی کو تسلیم کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن و قانون برقرار رکھنے، جرائم پر قابو پانے، ہنگامی حالات سے نمٹنے اور شہریوں کی حفاظت کرنے میں پولیس کا کردار بے حد اہم ہے۔ وزیر اعظم نے کہا، "پولیس یادگاری دن ہمارے پولیس اہلکاروں کے

LG کا "پولیس یادگاری دِن" پر شہید پولیس اہلکاروں کو خراجِ عقیدت

بہادر اہلکاروں کے اہل خانہ کی صحت اور خوشحالی کیلئے دعائیں اور نیک خواہشات پیش

سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے 'پولیس یادگاری دن' کے موقعہ پر ان پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے بہادر شہدا کی ہمت، لگن اور حب الوطنی کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات اور قربانیاں جموں وکشمیر اور پوری قوم کے لئے ہمیشہ مشعل راہ رہیں گی۔ اپنے پیغام میں، لیفٹیننٹ گورنر نے تمام پولیس شہداء کے لیے شکریہ ادا کیا اور ان کے اہل خانہ کے لیے گہری عزت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے بہادر اہلکاروں کے اہل خانہ کی صحت اور خوشحالی کے لیے دعائیں اور نیک خواہشات پیش کیں۔ انہوں نے یہ بھی زور دیا کہ اگرچہ کوئی شناسائی اہل خانہ کو ہوا نقصان پورا نہیں کرسکتی لیکن ملک کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کی قربانی کا احترام حق خیز مدد اور دیکھ بھال کے ذریعے کرے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اپنے پیغام میں تمام پولیس شہدا کا شکریہ ادا کیا اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ گہری ہمدردی اور احترام کا اظہار کیا۔ انہوں نے بہادر اہلکاروں کے اہل خانہ کی صحت اور خیریت کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ میں جموں و کشمیر پولیس کے پورے کنبے کو یقین دلاتا ہوں کہ شہدا کے اہل خانہ کے لئے باوقار زندگی، فلاح و بہبود اور ضروری تعاون کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش جاری رہے گی۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، "جموں وکشمیر پولیس فورس کے ہزاروں اہلکار

دن نے دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ میرا ماننا ہے کہ جموں وکشمیر پولیس کی بہادری صرف یونین ٹیریٹری کی سرحدوں تک محدود نہیں بلکہ یہ ملک کے پورے پولیس نظام کے لئے ایک مشعل راہ اور تحریک ہے۔ قوم ان شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی جنہوں نے 'ترنگے' کے وقار/2

DGP/ دہشت گردی کے معاون نیٹ ورک کے خاتمے کا عزم

منشیات کی اسمگلنگ روکنے اور خواتین و بچوں کے تحفظ پر زور

سرینگر/ یو این ایس/ جموں وکشمیر پولیس دہشت گردی کی حمایت کرنے والے عناصر کی شناخت کرکے ان کے خلاف کارروائی مزید تیز کرے گی۔ پولیس کے ڈائریکٹر جنرل نلن پربھات نے بدھ کو پولیس یادگاری دن 2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی میں ملوث یا اس کی حمایت کرنے والے افراد کو قانون کے مطابق سزا دلائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر سے دہشت گردی اور اس سے وابستہ تمام عناصر کا خاتمہ پولیس کا واضح مقصد ہے۔ ان کے مطابق پولیس دہشت گردی کے معاون نیٹ ورک کو ختم کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ ڈی جی پی نے دہشت گردانہ سرگرمیوں کی حمایت کرنے والوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ وہ جہاں بھی چھپنے کی کوشش کریں گے، پولیس ان کو/5

رام نگر/ اُدھم پور حادثہ پر لیفٹیننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ کا اظہار دکھ

سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے اُدھم پور کے رام نگر میں ایک المناک بس حادثے میں جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ میں سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کرتا ہوں اور زخمیوں کی جلد صحتیابی و شفایابی کے لئے دعاگو ہوں۔ میں نے ضلعی انتظامیہ کو متاثرہ کنبوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے اور حادثے میں زخمی ہوئے افراد کو بہترین علاج کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے۔" دریں اثناء سری نگر/ وزیر اعلیٰ نے سوگوار کنبوں سے دلی تعزیت کی اور دکھ کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ زخمیوں کو بہترین ممکنہ طبی علاج اور ہر قسم کی ضروری مدد فراہم کریں۔ وزیر اعلیٰ کا دفتر متعلقہ حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے۔

اُدھم پور میں بس پھسل جانے سے خاتون اور کمسن لڑکی ہلاک

15 دیگر مسافر گھائل ہوگئے، ڈسٹرکٹ ہسپتال رام نگر میں بھرتی

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع اودھم پور میں ایک بس حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں دو مسافروں کی موت ہوگئی جبکہ 15 دیگر زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق، آج صبح ضلع اودھم پور میں بسنت گڑھ۔ رام نگر سڑک پر پنچیڈ سے رام نگر جاتے ہوئے ایک بس گلی گالا کے مقام پر سڑک سے پھسل کر گہری کھائی میں جاگری۔ حادثے کے فوراً بعد مقامی افراد، پولیس اور فوج کے اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے امدادی آپریشن شروع کردیا۔ حکام نے بتایا کہ بس میں سوار کم از کم 17 مسافر زخمی ہوئے، جن میں سے آٹھ کو رام نگر اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق، سر پر شدید چوٹیں لگنے کے باعث ایک/4

وزیر اعلیٰ کی سردیوں میں عوام کی شکائت کو کم سے کم کرنے کی ہدایت

برف ہٹانے کے دوران ہم آہنگی اور بجلی کی کٹوتی کے شیڈولز پر سختی سے عمل درآمد کرنے کی ضرورت پر زور

سرینگر/ وزیر اعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ نے آج جموں وکشمیر بھر میں موسم سرما کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی اور تمام متعلقہ محکموں اور اداروں کے درمیان واضح ذمہ داریاں اور ہم آہنگی ایل بیز، پی ایم جی ایس وائی اور دیگر محکموں کے درمیان لازمی ہے تاکہ خراب موسم اور برف باری کے دوران سڑکوں کی بروقت بحالی یقینی بنائی جاسکے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ مختلف سڑکوں کی دیکھ بھال کرنے والے اداروں کے درمیان برف صاف کرنے کے کاموں میں ہم آہنگی پیدا کرنے کیلئے نوڈل افسران نامزد کو ہدایت دی کہ وہ موسم سرما کے مہینوں کے دوران عوامی تکلیف کو کم سے کم کرنے کیلئے مربوط، بروقت اور موثر انتظامات یقینی بنائیں۔ محکموں کے درمیان قریبی ہم آہنگی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے برف صاف کرنے، خاص طور پر ان سڑکوں پر جو مختلف محکموں اور اداروں کی دیکھ بھال میں ہیں، کیلئے ایک اچھی طرح مربوط میکانزم پر زور دیا۔ کیے جائیں تاکہ کام منظم طریقے سے انجام پائے اور کسی سڑک کو ہم آہنگی کی کمی کی وجہ سے نظر انداز نہ کیا جائے۔ انہوں نے پیشگی منصوبہ بندی، افرادی اور مشینری کی بروقت تعیناتی اور خاص طور پر ان علاقوں میں جو شدید برف باری اور سڑکوں کی طویل/8 انہوں نے زور دیا کہ آر اینڈ بی، میکینکل، ایس ایم سی، یو

عورت کھیت میں بے ہوش ہوگئی

ہسپتال میں مردہ قرار دی گئی

سرینگر/یو این ایس/ ہندوارہ علاقے میں ایک باغ میں بے ہوش ہونے کے بعد 58 سالہ خاتون کی موت واقع ہوگئی۔ حکام کے مطابق خاتون منگل کی شام دیر گئے ہندوارہ کے بگلت پورہ علاقے میں واقع اپنے باغ میں موجود تھیں کہ اچانک بے ہوش ہوگئیں۔ واقعے کی اطلاع ملنے کے بعد پولیس موقع پر پہنچی اور خاتون کو فوری طور پر گورنمنٹ میڈیکل کالج ہندوارہ منتقل کیا، جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔ متوفی خاتون کی شناخت مغلی بیگم (58) زوجہ مرحوم محمد حیات صوفی، ساکنہ بگلت پورہ اور حال مقیم کچواری ہندوارہ کے طور پر کی گئی ہے۔

سٹیٹ بینک آف انڈیا کے کئی صارفین کا ذاتی ڈیٹا ڈارک ویب پر افشا

سائبر واقعات سے نمٹنے اور ان کے پھیلاؤ کو روکنے کے اقدامات شروع

نئی دہلی/ یو این آئی/ اسٹیٹ بینک آف انڈیا (ایس بی آئی) کے کئی صارفین کا ذاتی ڈیٹا ڈارک ویب پر افشا ہونے کی اطلاع سامنے آئی ہے۔ سرکاری شعبے کے ملک کے سب سے بڑے قرض فراہم کرنے والے بینک نے بدھ کے روز حصص بازار کو بتایا کہ اس کے تقریباً 3 لاکھ 75 ہزار صارفین کا ڈیٹا دستیاب تھا، جن میں سے 3,800 سے زیادہ کھاتوں کا ذاتی ڈیٹا افشا ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے۔ بینک کی جانب سے جاری تازہ اطلاع کے مطابق، 16 اکتوبر 2026 کو اسے اپنے خطرات کی معلومات فراہم کرنے والے ادارے، وفاقی سائبر ایجنسی اور سی ای آر ٹی ان سے ایک انتباہ موصول ہوا تھا۔ اس میں بتایا گیا تھا کہ بینک کے صارفین کا ڈیٹا ڈارک ویب پر افشا ہونے کا خدشہ ہے۔ تازہ اطلاع میں کہا گیا ہے کہ ڈارک ویب پر موجود تقریباً 375,000 ریکارڈوں کے ابتدائی تجزیے کے دوران صارفین کے 3,897 ایسے ریکارڈ ملے جن میں ان کی ذاتی شناخت قائم کرنے والی معلومات شامل تھیں۔ افشا ہونے والی معلومات میں صارفین کے رجسٹرڈ موبائل نمبر، تاریخ پیدائش، نام، جنس، ای میل پتے، رہائشی پتے/6

بجلی صارفین کو اضافی کیبل خریدنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا

کشمیر پاور ڈسٹری بیوشن کارپوریشن لمیٹڈ (کے پی ڈی سی ایل) کی وضاحت

سرینگر/ یو این ایس/ کشمیر پاور ڈسٹری بیوشن کارپوریشن لمیٹڈ (کے پی ڈی سی ایل) نے واضح کیا ہے کہ اسمارٹ میٹر نصب کرنے کے لیے صارفین کو اضافی کیبل خریدنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ یہ وضاحت جموں وکشمیر پیپلز کانفرنس کے صدر اور ہندوارہ کے رکن اسمبلی سجاد لون کی جانب سے اس الزام کے بعد سامنے آئی ہے کہ بعض گھرانوں سے کیبل خریدنے کے لیے 4 ہزار سے 5 ہزار روپے تک ادا کرنے کو کہا جارہا ہے۔ سجاد لون نے الزام لگایا تھا کہ اسمارٹ میٹر کی تنصیب کے نام پر اضافی اخراجات غریب اور کم آمدنی والے گھرانوں پر مالی بوجھ ڈال رہے ہیں۔ کے پی ڈی سی ایل نے اپنے بیان میں کہا کہ اسمارٹ میٹر منصوبے کے تحت میٹر نصب کرنے کے لیے درکار کیبل فراہم کی جاتی ہے۔ اگر تکنیکی ضرورت کے تحت اضافی لمبائی کی کیبل درکار ہو تو اس کا بھی انتظام منصوبے کے تحت کیا جاتا ہے۔ کارپوریشن نے وضاحت کی کہ بجلی سے متعلق نافذ ضوابط کے مطابق صارفین اپنی موجودہ سروس لائنوں کے ذمہ دار ہیں، تاہم ان کیبلوں/7

36 گھنٹوں میں لاپتہ لڑکی کو بازیاب کرنے کا دعویٰ

پولیس کی سوشل میڈیا صارفین سے لڑکی کی تصاویر ہٹانے کی اپیل

سرینگر/ جے کے این ایس/ سوپور پولیس نے انسانی ذرائع اور تکنیکی معاونت کا استعمال کرتے ہوئے رفیع آباد کی ایک لاپتہ نوعمر طالبہ کو 36 گھنٹے میں سراغ لگا کر اسکو بازیاب کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ جے کے این ایس کے مطابق سوپور پولیس نے نوعمر طالبہ کے لاپتہ ہونے کی شکایت موصول ہونے کے 36 گھنٹوں کے اندر رفیع آباد کے گاؤں لاڈورہ کی اس لڑکی کو بحفاظت تلاش کرکے بازیاب کرلیا۔ پولیس نے سوشل میڈیا صارفین اور پیج ایڈمنز سے اپیل کی ہے کہ وہ لڑکی کی پرائیویسی کے تحفظ کے لیے اس کی تصاویر فوری طور پر ڈیلیٹ (حذف) کردیں۔ جاری ایک بیان میں پولیس ترجمان نے بتایا کہ 19 اکتوبر کو تھانہ ڈنگی وچہ کو رفیع آباد کے علاقے لاڈورہ کی ایک لڑکی کے لاپتہ ہونے کی شکایت موصول ہوئی۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ایک ٹیم تشکیل دی۔ تکنیکی معاونت اور انسانی ذرائع سے حاصل کردہ معلومات کی مدد سے، لڑکی کو 36 گھنٹوں کے اندر تلاش کرکے بحفاظت بازیاب کرلیا گیا۔/9

امتحانات کی نگرانی کرنے والوں کو فون استعمال کرنے پر پابندی

البتہ امتحانی مراکز کے سپرنٹنڈنٹس کو اس پابندی سے مستثنیٰ رکھا گیا

سرینگر/ یو این ایس/ جموں وکشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن (جے کے بی ایس ای) نے امتحانات کے دوران نگران عملے کے موبائل فون استعمال کرنے یا اپنے پاس رکھنے پر پابندی عائد کرتے ہوئے نئی ہدایات جاری کی ہیں۔ بورڈ کی جانب سے 21 اکتوبر کو جاری کردہ سرکلر میں تمام امتحانی مراکز کے سپرنٹنڈنٹس کو ہدایت دی گئی ہے کہ امتحانی اوقات کے دوران نگران عملے کے پاس موبائل فون نہ ہوں اور تمام متعلقہ اہلکار اپنے موبائل فون مرکز کے سپرنٹنڈنٹ کے پاس جمع کرائیں۔ بورڈ نے واضح کیا ہے کہ ان ہدایات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانا مرکز کے سپرنٹنڈنٹس کی ذمہ داری ہوگی۔ سرکلر کے مطابق امتحانی مراکز کے سپرنٹنڈنٹس کو اس پابندی سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ انہیں موبائل فون اپنے پاس رکھنے کی اجازت ہوگی تاکہ وہ جے کے بی ایس ای کے ڈویژنل، ڈیلی اور برانچ دفاتر کے علاوہ متعلقہ تحصیلدار حکام کے ساتھ ضرورت کے مطابق رابطہ قائم کرسکیں۔ بورڈ نے امتحانی حکام کو یہ بھی ہدایت دی ہے کہ کسی بھی امیدوار کو امتحان کا کم از کم نصف وقت مکمل ہونے سے قبل سوالیہ پرچے کے ساتھ امتحانی مرکز سے باہر جانے کی اجازت نہ دی جائے۔

لیفٹیننٹ گورنر کی بسوہلی کو فن، ثقافت اور تخلیقی صلاحیتوں کا عالمی مرکز بنانے کی اپیل

کاریگروں کو جدید تربیت، مالی معاونت اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے پر زور



سرینگر، 21 اکتوبر: لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بسوہلی اتسو کے چوتھے ایڈیشن کے کامیاب انعقاد پر محکمہ ثقافت، اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار دی آرٹس، وشو تحلی نامی غیر سرکاری تنظیم، ڈویژنل کمشنر اور ضلعی انتظامیہ کو مبارکباد دی ہے۔ میلے کے اختتام پر جاری اپنے پیغام میں انہوں نے بسوہلی کے عوام کی بھی ستائش کی، جن کے تعاون سے اس میلے کو نئی بلندیوں تک پہنچانے میں مدد ملی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ بسوہلی نہ صرف اپنی روایات سے گہری وابستگی رکھتا ہے بلکہ اپنی تخیل آفرینی اور تخلیقی صلاحیتوں کے لیے بھی پہچانا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اتسو کا مقصد بسوہلی کو ملک کے اہم ثقافتی مراکز میں شامل کرنا ہے۔ ان کی خواہش ہے کہ یہ مقام فن اور ادب کے ایک متحرک مرکز کے طور پر ابھرے، جہاں دنیا بھر کے فنکار، ادیب اور دانشور باہمی تبادلہ خیال کے لیے جمع ہوں۔ انہوں نے کہا: "ہمارا مقصد بالکل واضح ہے کہ بسوہلی کو ملک کے ثقافتی مراکز میں نمایاں مقام حاصل ہو اور ادب سے لے کر فنون تک مختلف شعبے یہاں فروغ پائیں۔ میں بسوہلی کو فن اور ادب کے ایسے مرکز کے طور پر دیکھنا چاہتا ہوں، جہاں دنیا بھر کے نامور فنکار، ادیب اور ماہرین جمع ہو کر خیالات کا تبادلہ کریں۔ اس سمت میں اقدامات کیے گئے ہیں، تاہم ابھی ایک طویل سفر طے کرنا باقی ہے۔" بسوہلی کے مشہور طرزِ مصوری کے شاندار ورثے کو اجاگر کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ فنونِ لطیفہ کسی تہذیب کی یادوں کو محفوظ رکھتے ہیں اور مشترکہ ثقافتی ورثے کے ذریعے نسلوں کو آپس میں جوڑتے ہیں۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ بسوہلی میں جاری ثقافتی احیا کی تحریک موجودہ نسل کو ایسا دیرپا فنکارانہ ورثہ تخلیق کرنے کی ترغیب دے گی، جو آنے والی نسلوں کے لیے قیمتی اثاثہ ثابت ہوگا۔ انہوں ۔۔۔/ 101

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے دون سکول سری نگر میں

’سالانہ سپورٹس ڈے‘ کا افتتاح کیا

سری نگر/ 21 اکتوبر// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج دون سکول سری نگر کے سالانہ سپورٹس ڈے کا افتتاح کیا۔ اس موقعہ پر طلبا کے اندر کھیلوں کے جذبے، صلاحیتوں اور کامیابیوں کو سراہا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے غبارے فضا میں چھوڑ کر باضابطہ طور پر تقریب کا آغاز کیا جس کے ساتھ ہی دن بھر کی سرگرمیوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ تقریب میں سکول کے بچوں نے شاندار مارچ پاسٹ پیش کیا۔ اس کے علاوہ مارشل آرٹس کے مظاہرے، ثقافتی پروگرام اور لڑکوں و لڑکیوں کے لئے مختلف دوڑوں کا انعقاد کیا گیا۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے طلبا کی کھیلوں سے متعلق صلاحیتوں، نظم و ضبط اور جوش و جذبے کا مظاہرہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبا اور سکول ہاؤسز کو ان کی کامیابیوں اور شرکت پر انعامات سے نوازا۔ انہوں نے طلبا کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی حصہ لینے کی ترغیب دی۔ انہوں نے نظم و ضبط، ٹیم ورک اور صحت مند مسابقتی جذبے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، رکن قانون ساز اسمبلی سوناواری ہلال اکبر لون، ممبر قانون ساز اسمبلی ۔۔۔/ 102

کپواڑہ میں جن جاتیہ گورو دیوس 2026 کی تقریبات کی تیاریوں کا جائزہ

کپواڑہ، 21 اکتوبر//// ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کپواڑہ غلام رسول نے آج متعلقہ افسران کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ضلع میں جن جاتیہ گورو دیوس 2026 کی تقریبات کے انعقاد کے لیے کی جانے والی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ یہ تقریبات یکم نومبر سے 15 نومبر تک ضلع بھر میں منعقد کی جائیں گی۔ میٹنگ کے دوران ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر نے کہا کہ جن جاتیہ گورو دیوس کو تمام متعلقہ محکموں اور شراکت داروں کی فعال شرکت کے ساتھ منانا ضروری ہے، تاکہ قبائلی برادریوں کے مالا مال ثقافتی ورثے، روایات، کامیابیوں اور ملک کے لیے ان کی گراں قدر خدمات کو اجاگر کیا جا سکے۔ انہوں نے افسران کو قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنے اور تقریبات کے کامیاب انعقاد کے لیے تمام انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے تعلیمی ۔۔۔/ 103

نیشنل کانفرنس ضلع گاندربل کی ورکنگ کمیٹی میٹنگ منعقد

عمر عبداللہ کی قیادت میں گاندربل ترقی کی راہ پر گامزن: ساگر/شوکت میر

سرینگر// نیشنل کانفرنس ضلع گاندربل کی ورکنگ کمیٹی کی ایک میٹنگ آج پارٹی ہیڈکوارٹر نوائے صبح، سرینگر میں پارٹی جنرل سکریٹری ایڈوکیٹ حاجی علی محمد ساگر کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں پارٹی کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر بھی موجود تھے۔ میٹنگ کا اہتمام ضلع صدر گاندربل شیخ غیاث الدین نے کیا تھا۔ اس دوران ضلع کی سیاسی سرگرمیوں، پارٹی پروگراموں، تعمیر و ترقی کے پروجیکٹوں اور لوگوں کو درپیش مسائل و مشکلات کے بارے میں بھی تبادلہ خیالات کیا گیا اور شرکاء نے اپنی اپنی آراء پیش کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے حاجی علی محمد ساگر نے وزیر اعلیٰ اور رکن اسمبلی گاندربل عمر عبداللہ کی جانب سے گزشتہ دو برسوں کے دوران انجام دیے گئے ترقیاتی اقدامات کو اجاگر کیا۔ انہوں ۔۔۔/ 106

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے 50 بستروں والے

ایس ڈی ایچ حضرت بل عمارت کی تعمیر کا جائزہ لیا

سرینگر 21 اکتوبر // نائب وزیر اعلیٰ مسٹر سریندر کمار چودھری نے آج سب ڈسٹرکٹ ہسپتال (ایس ڈی ایچ) حضرت بل سرینگر میں نئی 50 بستری عمارت کی جاری تعمیر کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں ایم ایل اے حضرت بل سلمان علی ساگر اور سینئر افسران بشمول چیف انجینئر آر اینڈ بی سنٹرل، سپرنٹنڈنگ انجینئر، ایگزیکٹو انجینئر، ڈائریکٹر پلاننگ (آر اینڈ بی)، چیف ٹاؤن پلانر اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ ہسپتال کی عمارت کے منصوبے کی پیش رفت، اس کے نفاذ اور متعلقہ محکموں کے درمیان ہم آہنگی پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ میٹنگ میں تعمیر سے متعلق مسائل اور منصوبے کے ہموار نفاذ کیلئے درکار اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ہسپتال اپ گریڈیشن پراجیکٹ، جس کی نظرثانی شدہ لاگت 54.49 کروڑ روپے ہے، ایک جدید چار منزلہ عمارت کا تصور رکھتا ہے جس میں روشنی مخصوص وارڈز اور 50 بستروں ۔۔۔/ 105

بی جے پی مہیلا مورچہ کے اجلاس میں خواتین کو سرکاری فلاحی اسکیموں سے

مستفید کرنے اور تنظیمی سرگرمیوں کو نچلی سطح تک وسعت دینے پر زور

جموں، 21 اکتوبر // جموں و کشمیر بھارتیہ جنتا پارٹی کے صدر اور راجیہ سبھا کے رکن ست شرما نے کہا ہے کہ خواتین کی فلاح و بہبود، عزت و وقار، تحفظ اور بااختیار بنانے کو بھارتیہ جنتا پارٹی کی پالیسیوں، پروگراموں اور سیاسی وژن میں ہمیشہ مرکزی حیثیت حاصل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بی جے پی خواتین کی سماجی اور اقتصادی بہبود کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے۔ ست شرما بی جے پی مہیلا مورچہ کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، جس کی صدارت انہوں نے کی۔ اجلاس کا اہتمام مہیلا مورچہ کی صدر ایڈووکیٹ نیہا مہاجن کی قیادت میں کیا گیا تھا۔ اس موقع پر بی جے پی جموں و کشمیر کی جنرل سیکریٹری اور انچارج ہیڈکوارٹر سنیہا ڈوگرا، مہیلا مورچہ کی انچارج وینو کھنہ اور معاون انچارج شیلجا گپتا نے بھی خطاب کیا۔ ست شرما نے کہا کہ مودی حکومت نے خواتین کے سماجی، تعلیمی اور اقتصادی حالات کو بہتر بنانے کے لیے متعدد اہم اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ، پردھان ۔۔۔/ 104

عوام اور پولیس کے درمیان روابط مضبوط بنانے کیلئے اونتی پورہ میں عوامی اجلاس

اونتی پورہ، 21 اکتوبر// عوام اور پولیس کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی کوششوں کے تحت اونتی پورہ پولیس نے کھریو کے گاؤں دہترگ میں ایک عوامی اجلاس منعقد کیا۔ اس اجلاس کا انعقاد پولیس اسٹیشن کھریو کے اسٹیشن ہاؤس آفیسر کی نگرانی میں کیا گیا۔ اجلاس میں علاقے کے معزز شہریوں نے شرکت کی اور عوامی اہمیت کے مختلف مسائل کو اجاگر کیا۔ پولیس افسران نے شرکاء کی شکایات اور مسائل کو بغور سنا اور یقین دلایا کہ اٹھائے گئے معاملات کو جلد از جلد حل کرنے کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ اس موقع پر شرکاء سے اپیل کی گئی کہ وہ منشیات کے استعمال کے خاتمے، پوست کی غیر قانونی کاشت کی روک تھام اور دیگر سماجی جرائم پر قابو پانے کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ لوگوں کو یہ ترغیب بھی دی گئی کہ وہ ۔۔۔/ 107

سکینہ ایتو نے ’آئی ٹی بی ایشیا۔2026‘ میں

جموں و کشمیر کے وفد کی قیادت کی

سنگاپور/ 21 اکتوبر// وزیر برائے صحت و طبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم سکینہ ایتو نے سنگاپور میں منعقدہ ’آئی ٹی بی ایشیا۔2026‘ میں جموں و کشمیر کے ایک اعلیٰ سطحی وفد کی قیادت کی۔ اس دورے کا مقصد جموں و کشمیر میں سیاحت کے متنوع امکانات کو اجاگر کرنا اور عالمی سیاحتی شراکت داروں کو خطے میں سیاحت کے وسیع مواقع تلاش کرنے کی دعوت دینا تھا۔ وزیر موصوف کے ہمراہ ڈائریکٹر ٹورازم جموں ڈاکٹر وکاس گپتا، سپیشل سیکرٹری ٹورازم جموں و کشمیر سورج پرکاش رکوال اور ڈائریکٹر فائنانس رشم دیپکا بھی تھے۔ وزیر موصوف نے گوا کے وزیر سیاحت روہن کھونٹے، اوڈیسہ کی وزیر سیاحت پرواتی پریڈا اور سنگاپور میں تعینات بھارتی ہائی کمشنر ڈاکٹر شلپک امبولے کے ساتھ آئی ٹی بی ایشیا 2026 میں ۔۔۔/ 108

چیف سیکرٹری نے سری نگر اور جموں میں پی ایم ایکتا مالز کی پیش رفت کا جائزہ لیا

منصوبوں کا مقصد جموں و کشمیر کے ثقافتی ورثے اور مقامی مصنوعات کو اُجاگر کرنا ہے

سری نگر/ 21 اکتوبر//// چیف سیکرٹری اٹل ڈولو نے آج جموں اور سری نگر میں مجوزہ ’پی ایم ایکتا مالز‘ کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس سلسلے میں یہاں منعقدہ ایک میٹنگ میں محکمہ صنعت و حرفت کی جانب سے محکمہ تعمیرات عامہ (پی ڈبلیو ڈی) کے ذریعے چلائے جا رہے منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ تعمیرات عامہ، کمشنر سیکرٹری صنعت و حرفت اور سیکرٹری منصوبہ بندی کے علاوہ محکمہ صنعت و حرفت کے سربراہان اور دیگر متعلقہ محکموں کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ پی ایم ایکتا مالز جموں و کشمیر کے شاندار دستکاری کے فن، ہینڈلوم مصنوعات، مقامی مصنوعات اور ثقافتی ورثے کو ملک کی دیگر ریاستوں اور یونینز کی مصنوعات اور ثقافتی ورثے کے ساتھ اجاگر کرنے کے لئے مربوط پلیٹ فارم کے طور پر کام کریں گے۔ انہوں نے اس اقدام کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے مقامی دستکاروں، کاریگروں، کاروباری افراد اور مصنوعات تیار کرنے والوں کے لئے مارکیٹ روابط مضبوط ہوں گے۔ اس سے سیاحت کے فروغ، کاروباری ترقی اور دیرپا ذریعہ معاش کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ اٹل ڈولو نے مزید کہا کہ یہ تجارتی مراکز ’ون ڈسٹرکٹ ون پروڈکٹ (او ڈی او پی)‘ اقدام کے تحت آنے والی مصنوعات اور جیوگرافیکل انڈیکشن (جی آئی) ٹیگ والی اشیاء کو بہتر نمائش اور مارکیٹ تک رسائی فراہم کریں گے۔ اس طرح مقامی مصنوعات تیار کرنے والوں کو ملک کی وسیع تر منڈیوں اور بین الاقوامی بازاروں سے منسلک کیا جا سکے گا اور ترقی و معاشی خودمختاری کے نئے مواقع پیدا ۔۔۔/ 109

ستیش شرما نے آر ایس پورہ میں عظیم دنگل کا مشاہدہ کیا

وزیر موصوف کا روایتی کشتی کے فروغ پر زور

آر ایس پورہ، 21 اکتوبر///// وزیر برائے خوراک، شہری رسد و امور صارفین، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، نوجوانوں کی خدمات و کھیل اور سائنس و ٹیکنالوجی ستیش شرما نے دسہرہ کے موقع پر یہاں بنا سنگھ اسٹیڈیم میں دنگل کمیٹی آر ایس پورہ کی جانب سے منعقدہ روایتی دنگل میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے پہلوانوں کی طاقت، مہارت اور کھیل کے جذبے کا مظاہرہ دیکھا اور جموں و کشمیر میں کشتی کی قدیم روایت کو سراہا۔ اس دنگل میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے پہلوانوں نے جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا، جبکہ کھیلوں کے شائقین اور مقامی لوگوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ مقابلوں کے دوران 100 سے زائد کشتیاں منعقد ہوئیں، جو روایتی کشتی کی مقبولیت اور جموں و کشمیر کی ثقافتی روایات میں اس کی گہری جڑوں کی عکاسی کرتی ہیں۔ مرکزی مقابلے میں ہریانہ کے شیرا گجر نے کامیابی حاصل کی، جبکہ پنجاب کے بھوپیندر اججالہ دوسرے مقام پر رہے۔ فاتح پہلوان کو ایک لاکھ روپے اور رنر اپ کو 80 ہزار روپے کا نقد انعام دیا گیا۔ اس موقع پر مکھی مائی کا مقابلہ بھی توجہ کا مرکز رہا، جس کے لیے ایک لاکھ 80 ہزار ۔۔۔/ 112

تیسری کشمیر میراتھن کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے کیلئے

ڈویژنل کمشنر کی مشترکہ معائنہ کاری کی ہدایت

سری نگر، 21 اکتوبر///// ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے تیسری کشمیر میراتھن کے کامیاب انعقاد کے لیے افتتاحی مقام اور میراتھن روٹ کا مشترکہ معائنہ کر کے تیاریوں میں موجود خامیوں کی نشاندہی اور انہیں دور کرنے پر زور دیا ہے۔ انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ڈویژنل کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کے درمیان قریبی تال میل قائم رکھنے کی ہدایت دی، تاکہ تقریب سے کافی پہلے ضروری سہولیات اور انتظامی تیاریاں مکمل کی جا سکیں۔ انشل گرگ نے ۔۔۔/ 111

کمشنر ایس ایم سی کا اچھن لینڈ فل سائٹ کا معائنہ

کچرے کے سائنسی انتظامات کا جائزہ، اور صفائی برقرار رکھنے کی ہدایت

سری نگر، 21 اکتوبر///// سری نگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر ڈاکٹر بشارت قیوم نے آج اچھن لینڈ فل سائٹ کا معائنہ کر کے وہاں ٹھوس کچرے کے انتظام سے متعلق جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس دوران پرانے جمع شدہ کچرے کی حیاتیاتی صفائی، کچرے سے خارج ہونے والے آلودہ پانی کی صفائی کے پلانٹ، تعمیراتی و انہدامی ملبے کی پروسیسنگ پلانٹ اور دھوئیں و بدبو پر قابو پانے کے انتظامات کا معائنہ کیا گیا۔ دورے کے دوران کمشنر نے کچرے کو جمع کرنے، منتقل کرنے، الگ الگ کرنے اور اس کی پروسیسنگ کے لیے موجودہ انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ شعبوں کے درمیان بہتر تال میل، دستیاب مشینری کے مؤثر استعمال اور عملی مسائل کو بروقت حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ مرکز کے ۔۔۔/ 110

ملک کی بلند ترین ہائی کورٹ بنچ نے لیہہ میں باقاعدہ سماعتوں کا آغاز کیا

چیف جسٹس ڈاکٹر پشپندر سنگھ بھاٹی اور جسٹس سنجے پریہار نے تاریخی پہلے باقاعدہ ڈویژن بنچ کی صدارت کی

لیہہ/ 21 اکتوبر// چیف جسٹس جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ جسٹس ڈاکٹر پشپندر سنگھ بھاٹی اور جسٹس سنجے پریہار نے بدھ کے روز لیہہ میں پہلے باقاعدہ ڈویژن بنچ کی صدارت کی جس سے ہندوستانی عدالتی تاریخ میں ایک نیا اور تاریخی باب رقم ہوا۔ جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی نئی قائم کردہ لداخ بنچ، جو سطح سمندر سے زائد از 11,500 فٹ کی انتہائی بلندی پر واقع ہے، نے آج سے مقدمات کی باقاعدہ سماعت کا آغاز کیا۔ دن کا آغاز ڈویژن بنچ کی سماعت سے ہوا جس میں چیف جسٹس نے بذریعہ ورچوئل موڈ مقدمات کی سماعت کی جبکہ جسٹس سنجے پریہار لداخ بنچ میں ذاتی طور پر موجود تھے۔ جسٹس سنجے پریہار نے ڈویژن بنچ کے فہرست شدہ پانچ مقدمات کی سماعت کے بعد سنگل بنچ کے طور پر 80 مقدمات کی سماعت کی۔ آج کے مقدمات میں ٹیکنالوجی کے ذریعے ایک ہائبرڈ سماعت کی گئی جس میں چیف جسٹس بذریعہ ورچوئل موڈ سماعت کر رہے تھے اور جسٹس سنجے پریہار فزیکلی سماعت کر رہے تھے۔ جسٹس پریہار نے کہا کہ آج جن 65 مقدمات کی فہرست تیار کی گئی تھی وہ لداخ کے سائلین کی سہولیت اور ان کے مقدمات کی سماعت کو منظم کرنے کی ابتدائی کوشش کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیف جسٹس کی طرف سے آج ایسے بلند مقام پر باقاعدہ عدالتی سماعت کا کامیاب آغاز ملک کے عدالتی ڈھانچے میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ یہ اس عزم کا بھی اظہار ہے کہ جغرافیائی رکاوٹیں انصاف کی راہ میں حائل نہیں ہونی چاہئیں۔ لداخ بنچ کا قیام ملک کے دور دراز اور جغرافیائی اعتبار سے دشوار گزار علاقوں تک آئینی اداروں کی رسائی کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس سے قبل لیہہ، کرگل اور لداخ کے دیگر دور دراز علاقوں کے سائلین کو ہائی کورٹ میں پیش ہونے کے لئے سری نگر یا جموں تک طویل سفر کرنا پڑتا تھا۔ یہاں (لداخ میں) عدالتی سماعتوں کا آغاز ملداخ ۔۔۔/ 113

محکمہ ہینڈی کرافٹس اور این آئی ایف ٹی کی طرف سے 1000 کاریگروں اور بُنکروں کو

برانڈنگ اور پیکیجنگ میں مختصر تربیت دی گئی

سری نگر/ 21 اکتوبر// ڈائریکٹوریٹ آف ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم کشمیر نے منفرد منڈیوں میں اپنی دھاک رکھنے والی اعلیٰ قدر کی دستکاری مصنوعات کی برانڈنگ اور پیکیجنگ سے متعلق بیداری پیدا کرنے کی کوشش میں مرکزی وزارت ایم ایس ایم ای کے ایک اہم پروگرام آر اے ایم پی کے تحت 10 صلاحیت سازی کے پروگرام کامیابی کے ساتھ مکمل کیے۔ یہ پروگرام نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی (این آئی ایف ٹی) سری نگر میں منعقد کیے گئے جس سے زائد از 1000 کاریگر، بنکر، کوآپریٹیو سوسائٹیز اور سیلف ہیلپ گروپس مستفید ہوئے۔ محکمے کے ترجمان نے آج یہاں جاری ایک پریس بیان میں کہا کہ ان ورکشاپوں کو ان کی اعلیٰ ترین مصنوعات کی مناسب برانڈنگ، پیکیجنگ اور جی آئی لیبلنگ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا تھا تاکہ وہ مارکیٹ کے لئے تیار ہو جائیں۔ انہوں نے کہا ۔۔۔/ 114

سالانہ عرس مبارک حضرت میر سید حسین سمنانیؒ پر انتظامات رکھے جائیں/ نیشنل کانفرنس

سرینگر// جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس نے عرس مبارک حضرت میر سید حسین سمنانیؒ (کولگام) کے سلسلے میں زائرین کیلئے خاطر خواہ انتظامات رکھنے کی اپیل کی ہے۔ پارٹی کے ترجمان اور انچارج کانسٹی ٹیونسی کولگام عمران نبی ڈار نے انتظامیہ پر زور دیا ہے کہ ایام عرس اور شب خوانی کے دوران بلا خلل بجلی، پینے کے صاف پانی کی سپلائی، ٹرانسپورٹ اور صحت و صفائی کی سہولیات میسر رکھے جائیں۔ یاد رہے کہ عرس کی تقریب پر درگاہ عالیہ میں باسند تبرکات کی نشاندہی کی گئی اور علمائے کرام حضرت میر سید حسین سمنانیؒ کی سیرت اور ملی خدمات پر روشنی ڈالیں گے۔

سرینگر ٹائمز

22 اکتوبر 2026، بروز جمعرات

''ہریسہ'' اہل کشمیر کی مرغوب غذا
مگر معیار کو قائم رکھنے کی سخت ضرورت

ہریسہ وادی کشمیر کے باشندوں کی مرغوب اور محبوب پسند ہے۔ سردیاں جب شروع ہوتی ہیں ہریسہ بنانے والوں کی دکانیں کھل جاتی ہیں۔ یہ وہ چیز ہے کہ جیسے صبح سویرے ''نوش فرمانے'' میں لطف آتا ہے۔ اہل کشمیر اس کا ذائقہ لینے اور مزہ اُٹھانے کیلئے گہری نیند سے اُٹھ کر ''ہریسہ والوں'' کا رُخ کرنے میں کوئی دیر نہیں کرتے۔ صدیوں سے یہ کاروبار جاری ہے اور اس ''ضیافت'' کو پانے او رکھانے کیلئے لوگوں کی بے تابی اپنی جگہ قائم ہے۔ دورِ حاضر میں جب کھانے پینے کے سٹال ریسٹورنٹ ،ہوٹل، فاسٹ فوڈ نئے انداز میں نکھر رہے ہیں اور خریداروں کے طور طریقے بھی بدل گئے ہیں۔

مگر ہریسہ کی لذت اپنی جگہ مسلسل موجود ہے اور صدیوں سے اس کو بنانے اور کھانے والوں کا رشتہ نہ صرف قائم ہے بلکہ ہر سال اس تعلق کے مستحکم ہونے کے آثار نمایاں ہوجاتے ہیں۔ سردیوں میں ہریسہ جہاں صبح سویرے جاگنے کے نتیجہ میں انسان کو دن بھر کام کرنے کا بھرپور موقع ملتا ہے وہاں ہریسہ کے نوش فرمانے سے پیدا شدہ جوش انسان سے ولولہ انگیز تبدیلی محسوس کرتا ہے۔ پہلے پہل ہریسہ کھانے کیلئے خریداروں اور خواہشمندوں کو کسی بھی حال میں دکان میں ہی جانا پڑتا تھا مگر آج اس کی طلب اور مانگ میں بے پناہ اضافہ ہونے کے سبب لوگ اسے گھر منگوانے کیلئے خصوصی اہتمام کرتے ہیں۔ اور اب جبکہ سوشل میڈیا کا زمانہ ہے لوگ آن لائن ہریسہ منگوا کر بہت سارے مشکل مراحل سے چھٹکارا پاتے ہیں۔

وادی کشمیر میں ہریسہ گوشت اور مصالحہ جات سے بنی ہوئی ایک ایسی نعمت ہے کہ جس کی خوشبو سے ہی جسم وجان میں فرحت کا احساس ہوتا ہے اور جب اسے گرم گرم روٹیوں کے ٹکڑوں کے ساتھ نوش کیا جاتا ہے تو لطف اندوزی انتہا کو پہنچ جاتی ہے۔ سارا ہریسہ کھانے کے بعد بھی مزید کھانے کی چاہت برقرار رہتی ہے۔ دورِ حاضر میں یار دوست صبح سویرے پروگرام بنا کر ہریسہ دکانوں میں جمع ہو کر گپ شپ کے ساتھ اپنی آرزو پوری کرتے ہیں اور جب ضرورت پڑے تو گھروں میں محفل سجا کر ہریسہ کو منگوانے کیلئے کوئی بھی قیمت ادا کرنے سے گریز نہیں کرتے۔

دورِ حاضر میں سماج کے رسومات میں اب ہریسہ رشتہ داروں کو نذرانہ کے طور بھیجا جاتا ہے۔ رشتہ داری پرانی بھی ہو تو وقتاً فوقتاً ہریسہ کو تحفہ کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ لیکن اس معاملہ میں حکومت کے متعلقہ حکام پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ہریسہ کی دکانوں میں صفائی کو یقینی بنانے کیلئے موثر اور مکمل اقدامات کرنے میں کوئی کمی نہ ہونے پائے۔ ہریسہ کھانے والوں کی تعداد بڑھتی ہے۔ اگر اس کو بنانے والے ملاوٹ میں پائے گئے تو ان کے خلاف کاروائی کرنے میں تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ دکانیں ہر صورت میں صاف و پاک ہونی چاہئیں۔ کیونکہ ہریسہ معیاری ہو تو صحت عامہ بُری طرح اثر انداز نہیں ہوگا۔ ورنہ اثر الٹا ہوگا۔

لڑکیوں کے کان چھدوانے کی روایت اور ضروری احتیاطیں

خوشبہ جیلانی

لڑکیوں کے کان چھدوانا ایک عام سماجی روایت ہے۔ بہت سے خاندانوں میں بچیوں کے کان چھدوانے کو خوشی کے موقع کے طور پر دیکھا جاتا ہے اور اس کے بعد انہیں سونے، چاندی یا دیگر دھاتوں سے بنی خوبصورت بالیاں پہنائی جاتی ہیں۔ والدین اپنی بچیوں کو خوبصورت لباس اور زیورات سے آراستہ کرنا پسند کرتے ہیں، تاہم اس عمل کے دوران بچی کی صحت، صفائی، حفاظت اور ذاتی پسند کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ کان چھدوانا بظاہر ایک معمولی عمل محسوس ہوتا ہے، لیکن اگر اس میں احتیاط نہ برتی جائے تو یہ تکلیف، سوزش اور انفیکشن کا سبب بھی بن سکتا ہے۔

والدین اکثر اس بات پر غور کرتے ہیں کہ بچی کے کان کس عمر میں چھدوائے جائیں۔ بعض خاندان پیدائش کے چند ہفتوں یا مہینوں بعد یہ عمل انجام دیتے ہیں، جبکہ کچھ والدین بچی کے قدرے بڑے ہونے کا انتظار کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں کوئی ایک عمر تمام بچیوں کے لیے یکساں طور پر مناسب قرار نہیں دی جاسکتی۔ بچی کی صحت، جلدی حساسیت اور انفیکشن کے ممکنہ خطرات کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ والدین کو چاہیے کہ کان چھدوانے سے پہلے بچوں کے ڈاکٹر سے مشورہ کریں، خصوصاً اس وقت جب بچی بہت کم عمر ہو یا اسے جلد سے متعلق کوئی مسئلہ درپیش ہو۔

چھوٹی عمر کی بچیوں میں درد اور تکلیف کے بارے میں اپنی کیفیت بیان کرنے کی صلاحیت محدود ہوتی ہے۔ اسی لیے والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس عمل کے لیے محفوظ جگہ کا انتخاب کریں، جہاں صفائی کے اصولوں پر سختی سے عمل کیا جاتا ہو۔ کان چھیدنے کا عمل کسی تربیت یافتہ فرد سے کروانا چاہیے اور استعمال ہونے والے آلات کا جراثیم سے پاک ہونا ضروری ہے۔ غیر محفوظ آلات یا غیر محتاط طریقوں سے کان چھدوانے کی صورت میں جراثیم زخم میں داخل ہو سکتے ہیں، جس سے انفیکشن کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

کان چھدوانے کے بعد زخم کی مناسب دیکھ بھال بھی بہت اہم ہے۔ والدین کو چاہیے کہ بچی کے کانوں کو چھونے سے پہلے اپنے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں اور صفائی کے لیے صحت کے ماہر کی ہدایات پر عمل کریں۔ کانوں کو بار بار چھونا، بالیوں کو غیر ضروری طور پر گھمانا یا زخم پر ایسے کیمیائی مادے لگانا جو جلد کو نقصان پہنچا سکتے ہوں، مناسب نہیں۔ زخم کو صاف اور محفوظ رکھنا ضروری ہے تاکہ وہ مناسب طریقے سے بھر سکے۔ اگر کان میں شدید درد، بڑھتی ہوئی سرخی، غیر معمولی سوجن، پیپ یا بخار جیسی علامات ظاہر ہوں تو فوری طور پر طبی مشورہ لینا چاہیے۔

بچیوں کے لیے بالیوں کا انتخاب کرتے وقت خوبصورتی کے ساتھ حفاظت کو بھی ترجیح دینی چاہیے۔ بہت بھاری بالیاں کان کی لو کو کھینچ سکتی ہیں، جس سے درد، سوجن یا زخم پیدا ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ اس لیے چھوٹی اور ہلکی بالیاں زیادہ موزوں رہتی ہیں۔ زیورات میں استعمال ہونے والی دھات کا معیار بھی اہم ہے، کیونکہ بعض بچیوں کی جلد مخصوص دھاتوں، خصوصاً نکل، سے حساس ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں جلد پر خارش، سرخی یا سوزش پیدا ہو سکتی ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ مناسب اور کم الرجی پیدا کرنے والے مواد سے تیار کردہ زیورات کا انتخاب کریں اور ضرورت پڑنے پر طبی ماہر سے رہنمائی حاصل کریں۔

بالیوں کی بندش پر بھی خاص توجہ دینا ضروری ہے۔ اگر بالی کا پچھلا حصہ بہت زیادہ سخت ہو تو وہ جلد میں دھنس سکتا ہے، جبکہ ڈھیلی بالی آسانی سے نکل کر گم ہو سکتی ہے۔ چھوٹی بچیوں کے لیے ایسے زیورات سے گریز کرنا چاہیے جن کے چھوٹے حصے آسانی سے الگ ہو سکتے ہوں، کیونکہ انہیں منہ میں ڈالنے سے دم گھٹنے کا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ بچی کی عمر کے مطابق محفوظ زیورات منتخب کریں اور کانوں کی باقاعدگی سے جانچ کرتے رہیں۔

کان چھدوانے کے معاملے میں بچی کی ذاتی پسند اور جذبات کا احترام کرنا بھی ضروری ہے۔ بعض خاندانوں میں یہ تصور پایا جاتا ہے کہ ہر لڑکی کے کان چھدوانا لازمی ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ کان چھدوانا کوئی طبی ضرورت نہیں۔ یہ ایک ذاتی اور خاندانی انتخاب ہے۔ جب بچی اتنی بڑی ہو جائے کہ اپنی رائے کا اظہار کر سکے تو اس کی خواہش کو اہمیت دینی چاہیے۔ اگر وہ درد یا خوف محسوس کرتی ہے تو اس پر دباؤ ڈالنے کے بجائے اسے اعتماد میں لینا بہتر ہے۔ والدین کو یہ سمجھنا چاہیے کہ بچوں کے جسم سے متعلق فیصلوں میں ان کی راحت اور جذباتی آسودگی بھی اہمیت رکھتے ہیں۔

یہ بات بھی قابل غور ہے کہ خوبصورتی کا تعلق صرف زیورات پہننے سے نہیں ہوتا۔ ایک بچی کی اصل خوبصورتی اس کی صحت، خوش مزاجی، خود اعتمادی اور اچھی تربیت میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنی بچیوں کی شخصیت سازی، تعلیم اور ذہنی نشوونما پر زیادہ توجہ دیں۔ زیورات کو خوشی اور آرائش کا ذریعہ سمجھنا چاہیے، نہ کہ خوبصورتی کا لازمی معیار۔ بچیوں کو کم عمری ہی سے یہ احساس دلانا ضروری ہے کہ ان کی اہمیت ان کی ظاہری شکل وصورت سے کہیں بڑھ کر ہے۔

معاشرے میں شعور اور آگاہی بڑھنے کے ساتھ والدین کو چاہیے کہ وہ روایات پر عمل کرتے ہوئے جدید طبی معلومات سے بھی فائدہ اٹھائیں۔ خاندان کے بزرگوں کی رائے اور روایتی اقدار کا احترام اپنی جگہ اہم ہے، لیکن بچوں کی صحت اور حفاظت ہمیشہ مقدم ہونی چاہیے۔ کان چھدوانے کے لیے مناسب وقت کا انتخاب، صفائی کے اصولوں کی پابندی، محفوظ زیورات کا استعمال اور بعد ازاں زخم کی دیکھ بھال ایسے اقدامات ہیں جو ممکنہ پیچیدگیوں سے بچنے میں مدد دیتے ہیں۔

لڑکیوں کے کان چھدوانا بہت سے خاندانوں کے لیے خوشی اور آرائش کا ایک عام عمل ہے، لیکن اسے ذمہ داری اور احتیاط کے ساتھ انجام دینا چاہیے۔ والدین کی اولین ترجیح بچی کی صحت، حفاظت اور آرام ہونا چاہیے۔ کسی بھی روایت کی اصل اہمیت اسی وقت برقرار رہتی ہے جب اس پر عمل کرتے ہوئے بچوں کی فلاح و بہبود کو مقدم رکھا جائے۔ محبت، شعور اور ذمہ داری کے ساتھ کیے گئے فیصلے نہ صرف بچیوں کو محفوظ رکھتے ہیں بلکہ انہیں ایک پر اعتماد اور خوش گوار زندگی گزارنے میں بھی مدد دیتے ہیں۔

سردیوں کی آمد، گھر کے اندر گملے رکھنے کی اہمیت

رفیقہ رشید

موسم کی تبدیلی انسانی زندگی کے ساتھ ساتھ پودوں پر بھی گہرے اثرات مرتب کرتی ہے۔ جیسے ہی سردیوں کی آمد قریب آتی ہے، درجہ حرارت میں کمی، دھوپ کے دورانیے میں تبدیلی اور ٹھنڈی ہواؤں کے باعث باغیچے میں موجود پودوں کی دیکھ بھال پہلے سے زیادہ ضروری ہو جاتی ہے۔ خاص طور پر ایسے پودے جو شدید سردی برداشت نہیں کر سکتے، انہیں محفوظ رکھنے کے لیے گھر کے اندر منتقل کرنا ایک مفید اقدام ثابت ہو سکتا ہے۔ گھروں میں گملے رکھنے سے نہ صرف پودوں کو ناموافق موسم سے بچانے میں مدد ملتی ہے بلکہ گھر کے ماحول میں تازگی، خوبصورتی اور قدرتی دلکشی بھی پیدا ہوتی ہے۔

سردیوں میں بعض پودوں کی نشوونما سست ہو جاتی ہے، جبکہ کچھ پودے ٹھنڈ، کہر اور پالے کی وجہ سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ ان کے پتے مرجھانے لگتے ہیں، شاخیں کمزور ہو جاتی ہیں اور بعض اوقات جڑوں کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔ ایسے حالات میں گملوں کو مناسب جگہ پر منتقل کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ خاص طور پر گرم علاقوں کے پودے، نازک پودے اور وہ پودے جو کم درجہ حرارت برداشت نہیں کر سکتے، انہیں سرد ہواؤں اور پالے سے بچانے کے لیے گھر کے اندر رکھنا بہتر ہوتا ہے۔ تاہم، ہر پودے کو اندر منتقل کرنا ضروری نہیں، کیونکہ کچھ پودے سرد موسم میں بھی اچھی طرح نشوونما پاتے ہیں۔

گھر کے اندر گملے رکھنے کے لیے مناسب جگہ کا انتخاب انتہائی اہم ہے۔ ایسی جگہ بہتر رہتی ہے جہاں قدرتی روشنی وافر مقدار میں پہنچتی ہو، مثلاً کھڑکی کے قریب، روشن برآمدے یا دھوپ آنے والے کمرے میں۔ زیادہ تر گھریلو پودوں کو مناسب روشنی کی ضرورت ہوتی ہے، اس لیے انہیں بالکل تاریک گوشوں میں رکھنے سے گریز کرنا چاہیے۔ اگر گھر میں دھوپ کم آتی ہو تو پودوں کی روشنی کی ضروریات کے مطابق مصنوعی روشنی کا انتظام بھی کیا جا سکتا ہے۔ البتہ گملوں کو کھڑکی کے ایسے حصے میں رکھنے سے بچنا چاہیے جہاں سے براہ راست ٹھنڈی ہوا اندر آتی ہو۔

سردیوں میں پودوں کو پانی دینے کے معاملے میں بھی خصوصی توجہ درکار ہوتی ہے۔ عام طور پر سرد موسم میں پودوں کی نشوونما سست ہو جاتی ہے اور مٹی دیر سے خشک ہوتی ہے۔ اگر معمول کے مطابق زیادہ پانی دیا جائے تو گملے کی مٹی میں نمی ضرورت سے زیادہ جمع ہو سکتی ہے، جس سے جڑیں خراب ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ اس لیے پانی دینے سے پہلے مٹی کی اوپری سطح کو چھو کر دیکھنا چاہیے۔ اگر مٹی پہلے ہی نم ہو تو پانی دینے میں جلدی نہیں کرنی چاہیے۔ ہر پودے کی ضرورت مختلف ہوتی ہے، لہٰذا پانی دینے کا فیصلہ موسم، مٹی اور پودے کی قسم کے مطابق کرنا چاہیے۔ گملے کے نچلے حصے میں پانی کے اخراج کے لیے مناسب سوراخ ہونا بھی ضروری ہے۔

گھریلو پودوں کی صحت برقرار رکھنے کے لیے درجہ حرارت اور ہوا کی آمد ورفت پر بھی توجہ دینی چاہیے۔ گملوں کو ہیٹر، انگیٹھی یا دیگر حرارتی آلات کے بالکل قریب رکھنے سے گریز کرنا چاہیے، کیونکہ گرم اور خشک ہوا پودوں کے پتوں کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اسی طرح انہیں ایسی جگہ رکھنے سے بھی بچنا چاہیے جہاں اچانک درجہ حرارت میں تبدیلی ہو۔ کمرے میں مناسب ہوا کی گردش ضروری ہے، لیکن پودوں کو براہ راست ٹھنڈی ہوا کے سامنے نہیں رکھنا چاہیے۔ معتدل ماحول پودوں کو صحت مند رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

گملوں کو گھر کے اندر منتقل کرنے سے پہلے ان کا معائنہ کرنا بھی ضروری ہے۔ پودوں کے پتوں، شاخوں اور مٹی میں کیڑے مکوڑوں یا بیماریوں کی موجودگی جانچ لینی چاہیے۔ اگر کسی پودے پر کیڑے ہوں تو اسے دوسرے پودوں کے ساتھ رکھنے سے پہلے مناسب طریقے سے صاف اور اس کا علاج کرنا چاہیے۔ خشک، زرد یا خراب پتے ہٹا دینے سے پودے کی دیکھ بھال میں آسانی ہوتی ہے۔ گملوں کو صاف کرنے اور ان کے نیچے رکھے برتنوں میں جمع پانی کو نکالنے سے گھر میں صفائی برقرار رکھنے میں بھی مدد ملتی ہے۔

گھر کے اندر پودے رکھنے کا ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ ان سے ماحول میں قدرتی خوبصورتی پیدا ہوتی ہے۔ سبز پتوں والے پودے، پھولوں سے سجے گملے اور چھوٹے آرائشی پودے کمرے، بالکونی اور کھڑکیوں کے قریب دلکش منظر پیش کرتے ہیں۔ سردیوں میں جب باہر کے باغیچوں میں پھول کم دکھائی دیتے ہیں، تو گھر کے اندر موجود سبزہ ماحول کو خوش گوار بنا سکتا ہے۔ تاہم، پودوں کی تعداد اور جگہ کا انتخاب گھر کے حجم، روشنی اور ہوا کی دستیابی کے مطابق کرنا چاہیے تاکہ کمرے میں غیر ضروری بھیڑ پیدا نہ ہو۔

گملوں کو گھر کے اندر رکھنے کے ساتھ ساتھ گھر کے افراد کی صحت اور حفاظت کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔ بعض پودے انسانوں یا پالتو جانوروں کے لیے زہریلے ہو سکتے ہیں، اس لیے ایسے پودوں کو بچوں اور جانوروں کی پہنچ سے دور رکھنا چاہیے۔ گملوں کے نیچے پانی جمع نہ ہونے دیں، کیونکہ اس سے کیڑے پیدا ہونے کا امکان بڑھ سکتا ہے۔ اسی طرح زیادہ نمی اور خراب نکاسی سے پھپھوندی پیدا ہو سکتی ہے، اس لیے مٹی اور گملوں کی حالت پر باقاعدگی سے نظر رکھنا ضروری ہے۔

سردیوں کی آمد سے پہلے پودوں کی مناسب دیکھ بھال ایک سادہ مگر اہم ذمہ داری ہے۔ ہر پودے کی ضروریات کو سمجھنا، اسے مناسب روشنی اور درجہ حرارت فراہم کرنا، پانی احتیاط سے دینا اور بیماریوں سے محفوظ رکھنا اس کی بہتر نشوونما کے لیے ضروری ہے۔ اگر پودوں کو بروقت مناسب جگہ پر منتقل کر دیا جائے تو سرد موسم میں بھی ان کی تازگی اور خوبصورتی برقرار رکھی جا سکتی ہے۔

مختصر یہ کہ سردیوں کے آغاز پر گملوں کو گھر کے اندر رکھنا ان پودوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے جو ٹھنڈ اور پالے کے لیے حساس ہوتے ہیں۔ تاہم، کامیاب نگہداشت کے لیے صرف انہیں اندر منتقل کرنا کافی نہیں، بلکہ روشنی، پانی، درجہ حرارت اور ہوا کی مناسب فراہمی بھی ضروری ہے۔ قدرتی سبزے سے آراستہ گھر نہ صرف خوب صورت دکھائی دیتا ہے بلکہ انسان کو فطرت سے قریب رہنے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ تھوڑی سی توجہ اور باقاعدہ دیکھ بھال کے ذریعے سردیوں میں بھی گھر کے پودوں کو صحت مند، سرسبز اور دلکش رکھا جا سکتا ہے۔

8888888888888888888888888888888888

خبر ونظر

سنگاپور میں آئی ٹی بی ایشیا 2026ء
سکینہ ایتو کی قیادت میں جموں وکشمیر کا وفد شریک

ٹی ای این / وزیر صحت وطبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم سکینہ ایتو نے سنگاپور میں منعقدہ بین الاقوامی سیاحتی تجارتی نمائش آئی ٹی بی ایشیا 2026 میں جموں وکشمیر کے اعلیٰ سطحی وفد کی قیادت کرتے ہوئے عالمی سیاحتی اداروں، ٹور آپریٹروں اور سرمایہ کاروں کو مرکز کے زیر انتظام علاقے کی سیاحتی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے اور یہاں سیاحت کو فروغ دینے کی دعوت دی۔ وفد میں ڈائریکٹر ٹورازم جموں ڈاکٹر وکاس گپتا، محکمہ سیاحت کے ایڈیشنل سیکریٹری سورج پرکاش رکوال اور ڈائریکٹر فائنانس رشیم دویکا شامل ہیں۔ سکینہ ایتو نے سنگاپور میں ہندوستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر شلپک امبولے کے ساتھ آئی ٹی بی ایشیا 2026 میں انڈیا پویلین کا مشترکہ افتتاح بھی کیا۔ اس موقعے پر جموں وکشمیر کو ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کے لیے ایک اہم سیاحتی مقام کے طور پر پیش کیا گیا۔ نمائش کے پہلے روز جموں وکشمیر کے وفد نے بین الاقوامی ٹور آپریٹروں، سیاحتی تجارتی انجمنوں، سرکاری نمائندوں اور عالمی سیاحتی صنعت سے وابستہ دیگر اہم شخصیات کے ساتھ کاروباری ملاقاتیں اور تبادلہ خیال کیا۔ ان ملاقاتوں کے دوران جموں وکشمیر کے سیاحتی مقامات، مذہبی سیاحت، مہم جوئی پر مبنی سرگرمیوں، سرمائی کھیلوں، غیر معروف سیاحتی مقامات اور ثقافتی ورثے کو اجاگر کیا گیا۔

وفد نے عالمی ٹور آپریٹروں اور سیاحتی شراکت داروں پر زور دیا کہ وہ جموں وکشمیر کو اپنے سفری منصوبوں اور سیاحتی پیکیجوں میں شامل کریں۔ اس موقعے پر سکینہ ایتو نے کہا کہ جموں وکشمیر قدرتی حسن، ثقافتی ورثے، مذہبی مقامات اور مہم جوئی کے مواقع کا منفرد امتزاج پیش کرتا ہے، جہاں مختلف دلچسپیوں کے حامل سیاح سال بھر دورہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی بی ایشیا جیسے بین الاقوامی پلیٹ فارم عالمی سیاحتی اداروں کے ساتھ روابط مضبوط بنانے، شراکت داری کے نئے مواقع تلاش کرنے اور جموں وکشمیر کی سیاحت کو وسیع تر سطح پر متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سکینہ ایتو نے کہا کہ جموں وکشمیر حکومت خطے کو بین الاقوامی سیاحتی نقشے پر نمایاں مقام دلانے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے دنیا بھر کے ٹور آپریٹروں، ٹریول ایجنسیوں، سرمایہ کاروں اور سیاحتی شعبے سے وابستہ ماہرین کو جموں وکشمیر میں موجود مواقع تلاش کرنے اور سیاحت کے فروغ کے لیے شراکت داری کی دعوت دی۔ وزیر نے سیاحتی اداروں کے ساتھ تعاون بڑھانے، سیاحتی مقامات کی عالمی سطح پر تشہیر کرنے اور پائیدار سیاحت کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

ان کا کہنا تھا کہ سیاحت کے فوائد مقامی آبادی تک پہنچانے سے معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ وفد نے بین الاقوامی سیاحوں کی بدلتی ترجیحات کے مطابق مخصوص سیاحتی پیکیج تیار کرنے اور مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات بھی اجاگر کیے۔ توقع ظاہر کی گئی ہے کہ آئی ٹی بی ایشیا 2026 میں شرکت سے جموں وکشمیر کے عالمی سیاحتی روابط مضبوط ہوں گے اور تفریحی، مذہبی، ثقافتی اور مہم جوئی پر مبنی سیاحت کے فروغ کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

معذور افراد کے دیرینہ مسائل کے حل کا مطالبہ
سرینگر میں احتجاج، فوری کارروائی پر زور

یو این ایس / جموں وکشمیر ہینڈی کیپڈ ایسوسی ایشن نے بدھ کے روز سرینگر کے پریس انکلیو میں پُرامن احتجاج کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ معذور افراد کو درپیش دیرینہ مسائل اور مشکلات کے ازالے کے لیے فوری اور ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں۔ ایسوسی ایشن کے ریاستی صدر عبدالرشید بٹ نے احتجاج کی قیادت کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر میں معذور افراد کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح وبہبود کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کو عملی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ معذور افراد کے مسائل طویل عرصے سے حل طلب ہیں اور ان کے ازالے کے لیے متعلقہ اداروں کو سنجیدگی سے کام کرنا چاہیے۔ عبدالرشید بٹ نے جموں وکشمیر میں ڈس ایبلٹی کمشنر کی تعیناتی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس عہدے کا قیام معذور افراد کی شکایات کے ازالے اور ان کے قانونی وآئینی حقوق کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک بااختیار کمشنر کی موجودگی میں معذور افراد اپنے مسائل اور شکایات موثر انداز میں متعلقہ حکام تک پہنچا سکیں گے۔ ایسوسی ایشن نے معذور افراد کو دی جانے والی ماہانہ پنشن میں بھی خاطر خواہ اضافہ کرنے کا مطالبہ کیا۔

عبدالراشد بٹ نے کہا کہ موجودہ مالی امداد بڑھتی ہوئی مہنگائی اور روزمرہ اخراجات کے پیش نظر ناکافی ہے، اس لیے معذوری پنشن کو بڑھا کر ماہانہ 20 ہزار سے 30 ہزار روپے کیا جانا چاہیے تاکہ مستحق افراد کو کچھ مالی سہارا مل سکے۔ احتجاج کے دوران معذور افراد کے لیے تعلیم، روزگار اور دیگر شعبوں میں مناسب ریزرویشن فراہم کرنے کا مطالبہ بھی کیا گیا۔ ایسوسی ایشن نے کہا کہ سرکاری سطح پر بنائی گئی فلاحی اسکیموں اور حقوق سے متعلق قوانین کا موثر نفاذ بھی یقینی بنایا جانا چاہیے تاکہ معذور افراد کو عملی طور پر ان کا حق مل سکے۔ ایسوسی ایشن کے صدر نے حکومت پر زور دیا کہ وہ معذور افراد کے دیرینہ مطالبات پر فوری توجہ دے اور ان کے حل کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ ایسوسی ایشن اس وقت تک معذور افراد کے مسائل کو اجاگر کرتی رہے گی جب تک ان کے جائز مطالبات پر مناسب کارروائی نہیں کی جاتی۔

یوکرین جنگ ختم کرنے کی تجاویز پر امریکی ایلچی وٹکوف کی روس میں پوتن سے ملاقات

سینٹ پیٹرزبرگ، 21 اکتوبر (یو این آئی) امریکہ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف نے یوکرین میں جنگ ختم کرنے کی کوششوں کے سلسلے میں روسی صدر ولادیمیر پوتن سے سینٹ پیٹرزبرگ میں ملاقات کی۔ واشنگٹن نے جنگ کے خاتمے کے لیے ایک بار پھر سفارتی کوششیں تیز کردی ہیں۔ یہ ملاقات وٹکوف کی ناروے میں یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی سے بات چیت کے ایک روز بعد ہوئی ہے۔ اعلیٰ سطح کی یہ بات چیت امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے ماسکو اور کیف کو مذاکرات کے ذریعے تصفیے کے قریب لانے کی تازہ کوششوں کا حصہ ہے۔ روسی سرکاری خبر رساں ایجنسی تاس کے مطابق، وٹکوف اور پوتن کے درمیان ملاقات بدھ کی صبح شروع ہوئی۔ توقع ہے کہ اس دوران ناروے میں ہونے والی بات چیت کے نتائج، امن کے مجوزہ فریم ورک اور تنازع ختم کرنے کے ممکنہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ واشنگٹن ان سفارتی کوششوں کے ذریعے یہ دیکھنے کی کوشش کر رہا ہے کہ آیا دونوں فریقوں کے موقف میں قربت پیدا کی جا سکتی ہے۔ تاہم، یوکرین کی علاقائی سالمیت، مستقبل کی سلامتی کی ضمانتوں اور کیف کے کسی بھی ڈھانچے اور بین الاقوامی اتحادوں سے متعلق روس کے مطالبات پر دونوں جانب گہرے اختلافات برقرار ہیں۔ وٹکوف سے ملاقات کے بعد اوسلو میں گفتگو کرتے ہوئے زیلنسکی نے امریکہ اور یورپی اتحادیوں پر زور دیا کہ وہ جنگ ختم کرنے کے لیے کوششیں تیز کریں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ روس کے مسلسل حملوں سے انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں اور لاکھوں یوکرینی بچوں کا بچپن متاثر ہو رہا ہے۔

روس نے یوکرین کے مقبوضہ علاقے سے گرفتار 74 سالہ امریکی اسٹیفن ہبارڈ کو رہا کردیا

واشنگٹن، 21 اکتوبر (یو این آئی) روس نے 74 سالہ امریکی شہری اسٹیفن ہبارڈ کو رہا کر دیا ہے، جو یوکرین میں روسی افواج کے خلاف کرائے کے فوجی کے طور پر لڑنے کے الزام میں چار سال سے زائد عرصے سے قید تھے۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بدھ کو ان کی رہائی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہبارڈ اپنے اہل خانہ سے دوبارہ ملنے کے لیے وطن واپس آ رہے ہیں۔ مشی گن کے رہنے والے اور پیشے سے ریٹائرڈ استاد ہبارڈ کو امریکی حکومت نے غلط طور پر حراست میں لیا گیا امریکی شہری قرار دیا تھا۔ ٹرمپ نے کہا کہ گزشتہ ہفتے روسی صدر ولادیمیر پوتن سے براہ راست بات چیت کے بعد ان کی رہائی ممکن ہوئی۔ ٹرمپ کے مطابق، روس نے رہائی کے بدلے کسی چیز کا مطالبہ نہیں کیا اور پوتن نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر انہیں آزاد کرنے پر اتفاق کیا۔ ٹرمپ نے کہا کہ روس کو اس کے بدلے امریکہ سے کچھ حاصل نہیں کرنا پڑا، کیونکہ یہ اقدام صدر ٹرمپ کے احترام میں کیا گیا ہے۔ تاہم، انہوں نے مزید کہا کہ اگر گزشتہ ہفتے روس پر عائد پابندیوں میں نرمی نہ کی گئی ہوتی، جس پر دونوں جماعتوں کی جانب سے تنقید ہوئی تھی، تو یقینی طور پر ایسا نہ ہو پاتا۔ ہبارڈ کی رہائی کے لیے کوششوں پر جوزف کیلوگ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے روسی صدر پوتن کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے اسے انسانی ہمدردی کا ایک اقدام قرار دیا جس کی وہ دل سے قدر کرتے ہیں۔ ہبارڈ نے کئی دہائیوں تک بیرون ملک انگریزی کے استاد کے طور پر کام کیا۔ اس کے بعد وہ 2014 میں مشرقی یوکرین کے شہر ایزیوم منتقل ہو گئے تھے۔ 2022 میں یوکرین پر روس کے مکمل پیمانے پر حملے کے بعد یہ شہر روسی قبضے میں آ گیا تھا۔ روسی استغاثہ کا الزام تھا کہ ہبارڈ نے یوکرینی فوج میں شمولیت اختیار کی تھی اور اس کے لیے مبینہ طور پر ماہانہ تقریباً ایک ہزار ڈالر کے معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ تاہم، ان کی بہن پیٹریشیا ہبارڈ فاکس نے ان الزامات کو مسترد کرتے ہوئے انہیں جھوٹا قرار دیا تھا۔

برطانیہ نے شمالی سمندر میں جیک ڈاؤ گیس فیلڈ کی ترقی کی منظوری دے دی

لندن، 21 اکتوبر (یو این آئی) برطانیہ کی حکومت نے اسکاٹ لینڈ کے ساحل کے قریب قدرتی گیس کے ایک منصوبے کو منظوری دے دی ہے۔ لیبر حکومت نے یہ فیصلہ موسمیاتی اہداف اور توانائی کی سلامتی سے متعلق خدشات کے درمیان توازن قائم کرنے کی کوشش کے تحت کیا ہے۔ توانائی کی وزیر میاتا فیولا نے بدھ کو کہا کہ شمالی سمندر میں واقع جیک ڈاؤ گیس فیلڈ سے رواں ماہ کے اختتام تک برطانیہ کے گھروں کو گیس کی فراہمی شروع ہو جائے گی۔ ان کے مطابق، اس منصوبے سے ملک کی توانائی کی سلامتی مضبوط ہوگی۔ حکومت نے کہا کہ شمالی سمندر کے اس منصوبے سے گیس کی ملکی پیداوار میں عروج کے وقت تقریباً چھ فیصد اضافہ ہوگا۔ وزیر اعظم اینڈی برنہم نے کہا کہ اس فیصلے سے سینکڑوں ملازمتوں کا تحفظ ہوگا اور لاکھوں گھروں کو گرم رکھنے میں مدد ملے گی۔ تاہم، انہوں نے زور دیا کہ اس منصوبے سے قابل تجدید توانائی کے اہداف متاثر نہیں ہوں گے۔ حکومت نے سبز توانائی کی جانب منتقلی کے ایک حصے کے طور پر انرجی ونڈفال ٹیکس میں … کا اعلان بھی کیا ہے، جو قابل تجدید اور کم کاربن اخراج والے توانائی منصوبوں میں سرمایہ کاری کے لیے ہے۔ اس فنڈ کے لیے ابتدائی طور پر دو ارب پاؤنڈ (2.7 ارب ڈالر) مختص کیے گئے ہیں۔ مزید برآں شمالی سمندر میں تیل اور گیس کی پیداوار سے حاصل ہونے والی ٹیکس آمدنی کے ذریعے جمع کرنے کا منصوبہ ہے۔ روس-یوکرین جنگ اور ایران پر امریکہ و اسرائیل کی جنگ کے باعث توانائی کی قیمتوں میں اضافے نے برطانوی گھرانوں اور کاروباری اداروں پر دباؤ بڑھایا ہے اور ملک کی معیشت بھی متاثر ہوئی ہے۔ فیولا نے برطانوی ریڈیو اسٹیشن ایل بی سی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جیک ڈاؤ گیس فیلڈ کی ترقی سے گھریلو توانائی کے بل کم نہیں ہوں گے۔

فرانس میں احتجاج پر عالمی رہنماؤں کے ناقابل قبول اور احمقانہ تبصروں پر میکرون برہم، ٹرمپ اور نیتن یاہو پر بالواسطہ تنقید

دوحہ، 21 اکتوبر (یو این آئی) فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے ملک میں جاری احتجاج کے حوالے سے غیر ملکی رہنماؤں کے تبصروں کو ناقابل قبول اور احمقانہ قرار دیتے ہوئے تنقید کی ہے، جس کو امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو پر بالواسطہ حملہ سمجھا جا رہا ہے۔ خلیجی ممالک کے دورے کے بعد دوحہ میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے میکرون نے کہا کہ فرانس میں احتجاج کے دوران بیرونی مداخلت کے کوئی واضح شواہد نہیں ہیں، تاہم بیرونی عناصر کی جانب سے متعلق معلومات میں ہیرا پھیری کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا امیر نے خود یہ کہا کہ واقعات میں بیرونی مداخلت کا کوئی واضح ثبوت نہیں ہے۔ تاہم، معلومات میں بیرونی سطح پر ہیرا پھیری کی جا رہی ہے، جس کے نتیجے میں کئی لوگوں، بشمول غیر ملکی رہنماؤں کی جانب سے ناقابل قبول اور احمقانہ تبصرے سامنے آئے ہیں۔ میکرون نے کہا کہ فرانس کو ایسے غیر ملکی رہنماؤں کی ضرورت نہیں ہے جو اس کے مسائل کو اپنی انتخابی مہم کے لیے استعمال کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعض رہنماؤں نے اپنے اپنے ملکوں میں انتخابات سے قبل فسادات سے متعلق مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے تیار کردہ مواد کو بھی بعض اوقات بغیر تصدیق کے دہرایا ہے۔ اگرچہ میکرون نے کسی رہنما کا نام نہیں لیا، تاہم ان کے تبصروں کا رخ ٹرمپ کی جانب معلوم ہوتا ہے، جن کی ریپبلکن پارٹی کو نومبر میں ہونے والے اہم وسط مدتی انتخابات کا سامنا ہے۔ اسی طرح ان کے بیان کو نیتن یاہو پر بھی تنقید سمجھا جا رہا ہے، جن کے ملک میں اسی ماہ انتخابات ہونے والے ہیں۔ نیتن یاہو نے نیوز چینل آئی 24 نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا تھا کہ فرانس کو انتہا پسند اسلام کے حملے کا سامنا ہے اور فرانسیسی رہنماؤں پر الزام لگایا تھا کہ انہوں نے بدامنی

سے نمٹنے کے لیے مناسب تیاری نہیں کی۔ انہوں نے تشدد کا ذمہ دار انتہا پسند مسلمانوں کو ٹھہرایا، حالانکہ پیرس سمیت فرانس کے مختلف شہروں میں ہونے والے احتجاج میں متنوع گروپ شریک تھے۔

ٹرمپ نے اپنے دوسرے صدارتی دور میں 3 لاکھ ویزے منسوخ کیے ہیں

واشنگٹن، 21 اکتوبر (یو این آئی) امریکہ کی ٹرمپ انتظامیہ نے کہا ہے کہ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اپنے دوسرے صدارتی دور میں 3 لاکھ ویزے منسوخ کیے ہیں۔ امریکی وزارت خارجہ نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ وفاقی حکومت نقل مکانی پالیسیوں میں سختی کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے اور صدر ٹرمپ اپنی دوسری صدارتی مدت میں 3 لاکھ سے زائد ویزے منسوخ کر چکے ہیں۔ وزارت خارجہ کے 10 اگست کو جاری کردہ تازہ اعداد و شمار کے مطابق جنوری 2025 میں ٹرمپ کی دوسری صدارتی مدت کے آغاز سے اب تک 1 لاکھ 75 ہزار سے زائد ویزے منسوخ کیے جا چکے تھے۔ ٹرمپ انتظامیہ کا موقف ہے کہ نقل مکانی کی سخت نگرانی اور ملک بدری کی کارروائیوں کا مقصد امریکہ کی داخلی سلامتی کو مزید بہتر بنانا ہے۔ تاہم حقوق انسانی کے علمبرداروں کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے قانونی کارروائی کے بنیادی اصولوں اور آزادی اظہار کے حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں بالخصوص نسلی اقلیتوں کے لیے ایک غیر محفوظ ماحول پیدا ہوتا ہے۔

وسط مدتی انتخابات میں ممکنہ شکست کے خدشے کے درمیان ریپبلکن پارٹی میں اندرونی رسہ کشی تیز



واشنگٹن، 21 اکتوبر (یو این آئی) امریکہ میں آئندہ وسط مدتی انتخابات میں ممکنہ شکست کے خدشے کے درمیان ریپبلکن پارٹی کے اندر اختلافات شدت اختیار کر گئے ہیں۔ وائٹ ہاؤس کے معاونین اور انتظامیہ کے عہدیدار اپنے مستقبل کے بارے میں غور کر رہے ہیں اور اس انتظار میں ہیں کہ شکست کی صورت میں صدر ڈونالڈ ٹرمپ کس کو ذمہ دار ٹھہراتے ہیں۔ سی این این کے مطابق، عہدیداروں میں یہ خدشہ بڑھ رہا ہے کہ کانگریس میں ریپبلکن پارٹی کی بڑی شکست کے بعد ٹرمپ ذمہ داری دوسروں پر ڈالنے کے لیے وسیع پیمانے پر عہدوں میں تبدیلیاں کر سکتے ہیں۔ دو درجن معاونین اور سرکاری عہدیدار اس بات پر بھی غور کر رہے ہیں کہ صدر کے دور اقتدار کے آخری مرحلے، جب ان کے اختیارات اور سیاسی اثر و رسوخ محدود ہونے لگتے ہیں، سے پہلے ہی انتظامیہ چھوڑ دی جائے۔ حالیہ انتخابی جائزوں کے مطابق، ڈیموکریٹک پارٹی ایوان نمائندگان میں کامیابی کی مضبوط پوزیشن میں ہے، جبکہ سینیٹ میں بھی اسے اکثریت حاصل کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ ایران کے ساتھ جنگ اور محصولات سمیت ٹرمپ کی پالیسیوں کو بڑھتی ہوئی مہنگائی اور روزمرہ اخراجات کے بحران کے تناظر میں تنقید کا سامنا ہے، جس کے باعث ریپبلکن پارٹی کے بعض رہنما بھی ان سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ تاہم، عہدیداروں کو توقع ہے کہ انتخابی نقصان کی صورت میں ٹرمپ اپنی انتظامیہ کے ارکان کو ذمہ دار ٹھہرائیں گے۔ ٹرمپ کے کئی عہدیداروں، مشیروں اور قریبی اتحادیوں نے موجودہ ماحول کو اقتدار کے لیے جوڑ توڑ اور پہلے ہی سے ایک دوسرے پر الزام ڈالنے کی زہریلی آمیزش قرار دیا ہے۔ ٹرمپ کے ایک مشیر نے خبردار کیا کہ اگر پارٹی کانگریس کے دونوں ایوانوں میں شکست کھا گئی تو کسی کا عہدہ بھی محفوظ نہیں رہے گا۔ مشیر نے سی این این سے کہا، اگر ہم ایوان نمائندگان اور سینیٹ دونوں ہار گئے تو پھر کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ ہر شخص نشانے پر ہوگا۔ ٹرمپ اپنے دونوں ادوار صدارت میں بار بار وزراء اور معاونین کو عہدوں سے برطرف کر چکے ہیں، حتیٰ کہ ان افراد کو بھی جنہوں نے ان کے ساتھ وفاداری برقرار رکھی۔ اپنے دوسرے دور صدارت میں وہ کرسٹی نوم، پام بونڈی اور لوری شاویز ڈی ریمر سمیت کئی عہدیداروں کو برطرف کر چکے ہیں۔ ان کے علاوہ یونان میں امریکی سفیر کمبرلی گلفائل اور قومی سلامتی کے مشیر مائیک والٹز کو بھی عہدوں سے ہٹایا جا چکا ہے۔ وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ اور وائٹ ہاؤس کی چیف آف اسٹاف سوسی وائلز بھی ان سینئر عہدیداروں میں شامل ہیں جن کے مستقبل پر ٹرمپ کی تحریک میک امریکہ گریٹ اگین (میگا) سے وابستہ حلقوں میں بحث ہو رہی ہے۔ ایران کے ساتھ جنگ کے معاملے پر ہیگسیتھ کو تنقید کا سامنا ہے، جبکہ وائلز کی بیٹی کیتھی وائلز کی لابنگ فرم کا کانٹی نینٹل اسٹریٹجی میں ملازمت پر بھی سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ اس فرم نے بوسنیا کی سرب اکثریتی اکائی ریپبلیکا سرپسکا کی نمائندگی کی تھی، جس سے مفادات کے ٹکراؤ سے متعلق خدشات پیدا ہوئے ہیں۔

مکہ میں دو بنگلہ دیشی شہریوں کی سزائے موت پر بنگلہ دیش کا سعودی حکام سے وضاحت طلب کرنے کا فیصلہ

ڈھاکہ، 21 اکتوبر (یو این آئی) بنگلہ دیش نے مکہ مکرمہ میں اپنے دو شہریوں کو سزائے موت دیے جانے پر سعودی عرب سے وضاحت طلب کی ہے۔ بنگلہ دیش کے وزیر مملکت برائے خارجہ امور ہمایوں کبیر نے اس واقعے کو انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ ممکن ہے دونوں ممالک کے درمیان رابطے کے عمل میں کچھ خامیاں رہ گئی ہوں۔ وزارت خارجہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کبیر نے کہا کہ ڈھاکہ سعودی عرب کو ایک دوست ملک سمجھتا ہے اور اسے امید ہے کہ وزیر اعظم طارق رحمان کی حکومت کے دور میں دونوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ تاہم انہوں نے تسلیم کیا کہ اس معاملے میں طریقہ کار کی سطح پر کوئی کوتاہی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ بنگلہ دیش سعودی حکام کے جواب کا انتظار کر رہا ہے۔ ڈھاکہ کے مطابق، دونوں شہریوں کو سزائے موت دیے جانے سے پہلے معمول کے طے شدہ طریقے کے مطابق ان کے آبائی ملک کو اطلاع نہیں دی گئی۔ وزیر مملکت برائے خارجہ امور شمع عبید اسلام نے کہا کہ بنگلہ دیش اس مقدمے کی تفصیلات جاننے کے لیے عدالتی فیصلے کی نقل ملنے کا بھی منتظر ہے۔

امریکی تجاویز اچھی ہیں مگر سیاسی رعایتیں ملنا مشکل ہوگا/ روس

ماسکو، 21 اکتوبر (یو این آئی) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے تصدیق کی ہے کہ ماسکو امریکی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر کی جانب سے لائی جانے والی تجاویز پر غور کرے گا، تاہم انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ روس کوئی سیاسی رعایت نہیں دے گا۔ روسی سفارتی سروس میں شامل ہونے والے نوجوان گریجویٹس سے خطاب کے دوران لاوروف نے کہا کہ ماسکو کسی بھی امریکی تجویز کا جائزہ خاص طور پر اس کے معاشی اور مالیاتی فوائد کی بنیاد پر لینے کا ارادہ رکھتا ہے۔ لاوروف نے کہا کہ ہم دیکھیں گے کہ وہ کیا پیش کرتے ہیں۔ اگر وہ کوئی ایسی چیز پیش کرتے ہیں جو ہمارے لیے معاشی اور مالی طور پر فائدہ مند ہو تو کیوں نہیں؟ تاہم انہوں نے اس بات پر اصرار کیا کہ کسی بھی ممکنہ معاہدے کو سیاسی سمجھوتوں یا سفارتی حمایت کی توقعات سے پاک ہونا چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ماسکو صرف اور صرف اپنے آپ پر بھروسہ کرتا ہے۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے روس سے متعلق اہم پابندیوں کو ختم کرنے کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے، لاوروف نے دلیل دی کہ واشنگٹن نے مستقل طور پر اپنے ترکش کو چھوڑنے کے بجائے اپنے ذاتی مفاد میں یہ اقدام کیا۔

ہمدردی کی بنیاد پر تقرری سے متعلق معاملوں
کے فوری نپٹارہ کیلئے

10 نومبر 2026
خصوصی عدالت

دلی، لکھنؤ، مرادآباد، فیروزپور، انبالہ ڈویژن، جموں اور اتر ریلوے،
ہیڈآفس، بڑودہ ھاوس، نئی دھلی کے دفتر احاطہ میں 10-11-2026 کو صبح
11.00 بجے منعقد عدالت کے ذریعہ

موقع پر ھی معاملوں کا نپٹارہ

ہمدردی کی بنیاد پر تقرری سے متعلق اپنی درخواست دو پرتوں میں دیگر متعلقہ
دستاویز کے ساتھ جس ڈویژن سے متعلق ھے، اس ڈویژن کے سینئر ڈویژنل پرسونل آفیسر
یا ڈویژنل پرسونل آفیسر کو اور ہیڈآفس کے معاملوں میں
ڈپٹی چیف پرسونل آفیسر (HQ-1) کو دو پرتوں میں متعلقہ کاغذات کے ساتھ
31-10-2026 تک ضرور ارسال کریں۔

نوٹ: (ا) ورکشاپ اور اضافی یونٹوں سے متعلق ہمدردی کے معاملے میں منسلک ڈویژن کو درخواست دیں۔
(ii) پرانے طے معاملوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

ڈپٹی چیف پرسونل آفیسر
(HQ-1)، اتر ریلوے، ہیڈآفس
بڑودہ ھاوس، کے جی مارگ،
نئی دھلی۔ 110001

سینئر ڈویژنل پرسونل آفیسر
ڈویژنل ریلوے منیجر آفس،
اتر ریلوے، سٹیٹ اینٹری روڈ،
نئی دھلی۔ 110001

سینئر ڈویژنل پرسونل آفیسر
ڈویژنل ریلوے منیجر آفس،
اتر ریلوے، حضرت گنج، لکھنؤ۔ 226001

سینئر ڈویژنل پرسونل آفیسر
ڈویژنل ریلوے منیجر آفس
اتر ریلوے، ریل وھار، انبالہ کینٹ
انبالہ۔ 133001

سینئر ڈویژنل پرسونل آفیسر
ڈویژنل ریلوے منیجر آفس،
اتر ریلوے، ریلوے سٹیڈیم کے پاس،
مرادآباد۔ 244001

سینئر ڈویژنل پرسونل آفیسر
ڈویژنل ریلوے منیجر آفس،
اتر ریلوے، سٹیشن روڈ، فیروزپور کینٹ
فیروزپور۔ 152001

سینئر ڈویژنل پرسونل آفیسر
ڈویژنل ریلوے منیجر آفس
اتر ریلوے،
تریکوٹا نگر، جموں۔ 180004

اتر ریلوے
آپ کی خدمت میں ہمیشہ کوشاں

3657/2026

گراھکوں کی خدمت میں مسکان کے ساتھ

OFFICE OF THE TEHSILDAR DRUGMULLA
Executive Magistrate 1st Class / Assistant Collector 1st Class
District Kupwara, Jammu & Kashmir

Subject: Attestation of Inheritance Mutations in respect of Migrant Landowners.

PUBLIC NOTICE

All rightful migrant estate holders/landowners, or their legal heirs, belonging to the revenue villages of Dragmulla, Anderhama, Burnhama, Waterkhani, Shadipora and Keegam of tehsil Dragmulla, whose land continues to stand recorded in the names of deceased parents/ancestors and whose inheritance mutations are yet to be attested, are hereby advised to apply online through the JK REVENUE PLUS Portal under the service "ATTESTATION OF MUTATION" at the earliest, along with the requisite documents, including the death certificate of the deceased landowner and a valid Legal Heir Certificate for attestation in accordance with the rules governing the subject.

Issued in the public interest & to facilitate the timely updation of revenue records.

Tehsildar Drugmulla
(Assistant Collector 1st Class)

DIPK-6949/26 | Dated: 21/10/2026

WINTER ADVISORY FOR THE SHEEP AND GOAT FARMERS

SHELTER

The shed should be warm (about 20°C) but properly ventilated to avoid accumulation of ammonia gas which predisposes the animals to respiratory ailments.
The floor of the shed should be clean and dry to prevent foot rot, coccidosis and other diseases.
Suitable bedding like dry leaves, rags, bhusa, saw dust etc to a thickness of 4-6 inches should be used to save the animals from cold. (For Deep Litter System of flooring)
Adequate space for animals must be provided to prevent overcrowding @ 10 sft/Adult Sheep under Deep Litter System of flooring.
Compartmentalization of sheds should be done to house different groups of animals separately.
Sheds should be well drained to avoid pooling of rain water.
Shelter should provide for gradual changes in the intensity of light from one part to other.

NUTRITION

Concentrate feed should be given @ 600g/adult animal/day and hay should be given @1.5 kg/animal/day.
Chopped vegetables like carrots, turnips etc should be given to the tune of 0. 5 kg/pregnant Ewe/Doe/day.
Molasses @30-60 gms/day/pregnant Ewe/Doe must be given to prevent pregnancy toxaemia.
Make sure that the stored winter feed is mould-free and of good nutritional quality.
Strictly avoid early morning grazing on frosty herbs and snow covered grasses which otherwise causa's huge loss by way of diseases like Braxy/Bradsot.
Good quality hay and sallage should be fed to the animals.
Ration should be fortified and enriched to meet out the nutritional requirement of animals during winter.
Silage addition must not exceed 15-20% of total roughage.
Additional feed increments should be provided to pregnant/ lactating animals to prevent metabolic disorders.

HEALTH

Timely vaccination like Enterotoxaemia Vaccine should be ensured to prevent clostridial diseases.
Pregnant Animias should be vaccinated for Enterotoxaemia
Vaccine in last month of pregnancy and lambs within first week of delivery.
Proper/timely anthelmintic dosing of animals may be done after seeking advice from veterinarian.
Ivermectin dosing may be given to prevent contagious ectoparasitic diseases.
Coccidiotats should be used to prevent cocoidial disease.

District Sheep Husbandry Officer
Pulwama

DIPK-6947/26
Dated: 21/10/2026

صدر دروپدی مرمو نے فنکاروں میں للت کلا اکیڈمی ایوارڈز تقسیم کئے

نوجوان اور ابھرتے فنکاروں کو صلاحیتیں نکھارنے اور نئے فنون آزمانے کے زیادہ مواقع فراہم کیے جائیں

نئی دہلی، 21 اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دہلی میں منعقدہ 65ویں قومی نمائش فنون کے منتخب فنکاروں میں للت کلا اکیڈمی ایوارڈز تقسیم کیے۔ انہوں نے تیسری پرنٹ بینالے انڈیا 2026 کے گرینڈ پرائز جیتنے والوں اور اعزازی تذکروں سے نوازے گئے فنکاروں کو بھی اعزاز سے سرفراز کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ للت کلا اکیڈمی کی یہ تقریب ہندوستان کے فنکارانہ ورثے، ثقافتی تنوع اور عصر حاضر کی تخلیقی صلاحیتوں کا جشن ہے۔

اس تقریب کے ذریعے ملک کے متنوع فنون کی شاندار روایت، تخلیقی توانائی اور فنکارانہ اظہار کے مسلسل ارتقا کو اجاگر کیا جا رہا ہے۔ دروپدی مرمو نے کہا کہ فن صرف کینوس پر بنائی گئی پینٹنگز، پتھر تراش کر تیار کیے گئے مجسموں یا دیگر ذرائع سے تخلیق کیے گئے فن پاروں تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ ہماری ثقافت کا عکاس ہے۔ فن میں ماضی کی یادیں، حال کے تجربات اور مستقبل کی امنگیں جھلکتی ہیں۔ یہ ہمیں اپنے عہد اور معاشرے کو ایک نئے زاویے سے دیکھنے اور سمجھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دور دراز علاقوں میں کام کرنے والے روایتی فنکاروں کو نئی ٹیکنالوجی اور جدید تخلیقی تکنیکوں کی تربیت فراہم کی جانی چاہیے، تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بہتر طور پر پیش کرسکیں اور وسیع تر سطح پر منعقد ہونے والے مقابلوں میں حصہ لے سکیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ آج کے دور میں فنکاروں کو تخلیقی مواقع کے ساتھ ساتھ مالی معاونت، وسیع تر منڈیوں تک رسائی اور فن پاروں کے خریداروں سے رابطوں کی بھی ضرورت ہے۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ للت کلا اکیڈمی اور وزارت ثقافت فن پاروں کی فروخت کو فروغ دینے کے لیے کوششیں کر رہی ہیں۔ دروپدی مرمو نے کہا کہ فن کو صرف آرٹ گیلریوں تک محدود نہیں رکھا جانا چاہیے، بلکہ اسے اسکولوں، یونیورسٹیوں، عوامی مقامات اور معاشرے کے وسیع تر طبقات تک پہنچنا چاہیے۔ انہوں نے تمام متعلقہ فریقوں پر زور دیا کہ نوجوان اور ابھرتے ہوئے فنکاروں کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے، فن کے نئے ذرائع آزمانے اور اپنی تخلیقی استعداد کو وسعت دینے کے لیے وافر مواقع فراہم کیے جائیں۔

ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ای ویسٹ تلف کرنے کی مہم میں حصہ لیا

ڈی او پی ٹی میں 9 لاکھ کی بنیادی قیمت کے الیکٹرانک اور دیگر ناکارہ سامان کی نیلامی

نئی دہلی، 21 اکتوبر: نیوز ڈیسک: مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج محکمہ عملہ و تربیت (ڈی او پی ٹی) میں خصوصی سوچھتا مہم 0.6 کے تحت الیکٹرانک کچرے کو تلف کرنے کی سرگرمی میں حصہ لیتے ہوئے الیکٹرانک اسکریپ کو منظم طریقے سے ٹھکانے لگانے اور دفتری استعمال کے فرسودہ آلات کی باقی ماندہ قدر کو تسلیم کرنے کی

اہمیت پر زور دیا۔ سائنس و ٹیکنالوجی اور ارضیاتی علوم کے آزادانہ چارج کے مرکزی وزیر مملکت اور وزیر اعظم کے دفتر، محکمہ جوہری توانائی، محکمہ خلائی امور، عملہ، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ خصوصی سوچھتا مہم 0.6 ایک ماہ پر محیط مخصوص مہم ہے، جس کا مقصد صفائی کے طریقوں کو منظم کرنا اور اس عزم کو تازہ کرنا ہے۔ گاندھی جینتی سے چھٹھ جینتی تک جاری رہنے والی یہ مہم سال بھر صفائی برقرار رکھنے کا متبادل نہیں، بلکہ مرکوز اقدامات کے ذریعے صفائی کے طریقوں کو مضبوط بنانے کا موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر نئی مہم میں گزشتہ مہمات کے تجربات کی بنیاد پر نئے پہلو شامل کیے جاتے ہیں۔ ایک اہم سبق یہ ملا ہے کہ فرسودہ الیکٹرانک آلات اور دیگر غیر استعمال شدہ اشیا کو ٹھکانے لگانے سے حاصل ہونے والے اسکریپ کی قابل قدر قیمت ہوتی ہے، جس سے منظم طریقے سے نمٹنے پر خاطر خواہ آمدنی حاصل کی جا سکتی ہے۔ موجودہ مہم کا حوالہ دیتے ہوئے ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بتایا کہ ابتدائی 15 سے 17 دنوں میں اسکریپ کی تلفی کے ذریعے تقریباً 490 کروڑ روپے حاصل کیے گئے ہیں۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ 31 اکتوبر تک یہ رقم دوگنی سے بھی زیادہ ہو جائے گی۔ اسکریپ کو ٹھکانے لگانے کے طریقہ کار میں تبدیلی کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ پہلے اسکریپ کو کسی یکساں طریقہ کار کے بغیر بازار میں بھیج دیا جاتا تھا، تاہم اب اس مقصد کے لیے گورنمنٹ ای مارکیٹ پلیس (جی ای ایم) پورٹل استعمال کیا جا رہا ہے۔

بھوپال میں 9 کلو سے زیادہ میتھامفیٹامین ضبط، ایک گرفتار

نئی دہلی، 21 اکتوبر: نیوز ڈیسک
مصنوعی منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے ڈائریکٹوریٹ آف ریونیو انٹیلی جنس (ڈی آر آئی) نے 20 اکتوبر 2026 کو بھوپال کے بین الریاستی بس ٹرمینل (آئی ایس بی ٹی) پر 3.139 کلوگرام میتھامفیٹامین ضبط کر کے ایک شخص کو گرفتار کر لیا۔ اس کارروائی سے ملک کے مختلف شہروں کے درمیان نقل و حمل کے نیٹ ورک کے ذریعے خطرناک مصنوعی منشیات کی ترسیل روکنے کے لیے ڈی آر آئی کی مسلسل کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ مخصوص خفیہ اطلاع کی بنیاد پر ڈی آر آئی کے افسران نے دہلی سے بنگلورو جانے والی بس کے بھوپال آئی ایس بی ٹی پہنچنے پر ایک ہندوستانی مرد مسافر کو روکا۔ مسافر کے سامان کی تلاشی کے دوران پلاسٹک کے 11 پیکٹوں میں کرسٹل کی شکل میں موجود میتھامفیٹامین برآمد ہوئی، جس کا مجموعی وزن 3.139 کلوگرام تھا۔

ہندوستان میں پہلی بار عالمی ایگری وولٹائکس کانفرنس کا انعقاد

شیوراج سنگھ چوہان اور پرلاد جوشی نے زراعت کے ساتھ شمسی توانائی کے فروغ پر زور دیا

نئی دہلی، 21 اکتوبر: نیوز ڈیسک: ہندوستان میں پہلی بار گلوبل ساؤتھ میں تین روزہ ایگری وولٹائکس عالمی کانفرنس 2026 کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ مرکزی وزیر زراعت و کسانوں کی بہبود شیوراج سنگھ چوہان اور مرکزی وزیر برائے نئی و قابل تجدید توانائی، تعلیم، امور صارفین، خوراک اور عوامی تقسیم پرلاد جوشی نے آج مشترکہ طور پر کانفرنس کا

افتتاح کیا۔ افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں کسان شمسی توانائی کو زراعت کے ساتھ مربوط کر کے اناج پیدا کرنے والے اور توانائی فراہم کرنے والے دونوں بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زراعت اور شمسی توانائی کا امتزاج عالمی فلاح و بہبود کو فروغ دینے کے ساتھ کسانوں کی معاشی خوشحالی میں بھی اضافہ کر سکتا ہے۔ ان کے مطابق ایگری وولٹائکس سے متعلق پالیسیاں ملک کے چھوٹے اور حاشیائی کسانوں کی عملی ضروریات کو مدنظر رکھ کر تیار کی جانی چاہئیں، کیونکہ کاشت کار برادری میں ان کا تناسب 85 فیصد سے زیادہ ہے۔ چوہان نے وضاحت کی کہ ایگری وولٹائکس کے تحت زرعی زمین کے اوپر شمسی پینل نصب کر کے بجلی پیدا کی جاتی ہے، جبکہ نیچے فصلوں کی کاشت بھی جاری رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید زندگی اور زراعت میں بجلی ناگزیر ہو چکی ہے، اس لیے کھیتی باڑی کے ساتھ توانائی کی پیداوار کو مربوط کرنا کسانوں کی فلاح و بہبود کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ملک کی زرعی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ ایک وقت تھا جب ہندوستان کو غذائی تحفظ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے غذائی اجناس درآمد کرنا پڑتی تھیں، لیکن اب ملک میں گندم اور چاول کے وافر ذخائر موجود ہیں، جس میں کسانوں کا اہم کردار ہے۔

ہندوستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان تجارتی تعاون کا معاہدہ

آزاد تجارتی معاہدے کے تحت کسٹمز معلومات کا الیکٹرانک تبادلہ ہوگا

نئی دہلی، 21 اکتوبر: نیوز ڈیسک: ہندوستان کے مرکزی بورڈ برائے بالواسطہ ٹیکس و کسٹمز (سی بی آئی سی) اور نیوزی لینڈ کسٹمز سروس (این زیڈ سی ایس) نے اشیا کی تجارت سے متعلق اصل ماخذ کے اعداد و شمار کے الیکٹرانک تبادلے کے لیے مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ معاہدہ دونوں ممالک کے درمیان کسٹمز تعاون کو مضبوط بنانے

اور دو طرفہ تجارت کو آسان بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ مفاہمت ہندوستان اور نیوزی لینڈ کے آزاد تجارتی معاہدے کے تحت طے پائی ہے، جو 20 اکتوبر 2026 سے نافذ العمل ہوا۔ اس مفاہمت نامے پر 19 اکتوبر 2026 کو سی بی آئی سی کے چیئرمین وویک چترویدی اور نیوزی لینڈ کسٹمز سروس کی کنٹرولر و چیف ایگزیکٹیو کرسٹین اسٹیونسن نے دستخط کیے۔ یہ معاہدہ ڈیجیٹل نظام کے فروغ اور معلومات کے بہتر تبادلے کے ذریعے سرحد پار تجارت کو زیادہ موثر، محفوظ اور قابل پیش گوئی بنانے کے لیے دونوں ممالک کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ اشیا کی تجارت سے متعلق اصل ماخذ کے اعداد و شمار کا ڈیجیٹل الیکٹرانک تبادلہ ممکن ہونے سے کسٹمز تعاون مزید گہرا ہوگا اور تجارتی سہولتوں کے اقدامات پر موثر عمل درآمد میں مدد ملے گی۔ یہ اقدام ڈیجیٹل نظام، معلومات کے تبادلے اور تجارتی سہولتوں سے متعلق بدلتے ہوئے بین الاقوامی طریقہ کار کے ساتھ دو طرفہ کسٹمز تعاون کو ہم آہنگ کرنے کی دوراندیشانہ کوشش بھی ہے۔ توقع ہے کہ اصل ماخذ کے اعداد و شمار کے الیکٹرانک تبادلے سے دفتری کارروائیوں کی کارکردگی بہتر ہوگی، معلومات کی کمی دور کرنے میں مدد ملے گی اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت کرنے والے تاجروں کو زیادہ یقین دہانی حاصل ہوگی۔

فوج کیلئے 770 کروڑ کے ریڈار خریدنے کا معاہدہ

بی ای ایل سے جدید ہلکے ریڈار خریدے جائیں گے

نئی دہلی، 21 اکتوبر: نیوز ڈیسک: وزارت دفاع نے ہندوستانی فوج کے لیے جدید کم بلندی پر کام کرنے والے ہلکے ریڈار (ایل ایل ایل آر آئی) خریدنے کے لیے بھارت الیکٹرانکس لمیٹڈ (بی ای ایل) کے ساتھ تقریباً 770 کروڑ روپے کا معاہدہ کیا ہے۔ یہ معاہدہ 21 اکتوبر 2026 کو نئی دہلی میں سکریٹری دفاع راجیش کمار سنگھ کی موجودگی میں طے پایا۔ یہ ریڈار ڈرونز، طیاروں کے سائز کے اہداف اور چھوٹے و انتہائی چھوٹے ڈرونز کی نشاندہی اور ان کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان میں فضائی اہداف کو ترجیح دینے کی اضافی صلاحیت بھی موجود ہے، جس سے فوج کو بغیر پائلٹ فضائی نظاموں (یو اے ایس) کے خطرات کا موثر مقابلہ کرنے میں مدد ملے گی۔ حکومت کے 'وکست بھارت 2047' کے وژن سے ہم آہنگ یہ خریداری فضائی دفاعی نظاموں کی مقامی تیاری کو فروغ دینے کی جانب اہم قدم ہے۔

تمبر میں بنیادی صنعتوں کی پیداوار میں 7.9 فیصد اضافہ

نئی دہلی، 21 اکتوبر: نیوز ڈیسک

ستمبر 2026 کے دوران ملک کی آٹھ بنیادی صنعتوں کے مجموعی اشاریے (آئی سی آئی) میں گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 7.9 فیصد اضافہ درج کیا گیا۔ یہ شرح اگست 2026 میں ریکارڈ کی گئی 5.9 فیصد شرح نمو سے زیادہ ہے۔ یہ اعداد و شمار ستمبر کے عارضی اشاریے پر مبنی ہیں، جبکہ اگست کے حتمی اشاریے میں ترمیم کی گئی ہے۔ ستمبر کے دوران لوہے کی خام دھات کی پیداوار میں سالانہ بنیاد پر 18.4 فیصد، بجلی میں 11.4 فیصد، کوئلے میں 10.7 فیصد، ریفائنری مصنوعات میں 10.3 فیصد، سیمنٹ میں 9.8 فیصد اور اسٹیل میں 4.9 فیصد اضافہ درج کیا گیا۔ اس کے برعکس کھاد، قدرتی گیس اور خام تیل کے شعبوں میں منفی شرح نمو ریکارڈ کی گئی۔ حالیہ مہینوں کے دوران کوئلہ، ریفائنری مصنوعات، اسٹیل اور لوہے کی خام دھات جیسی بنیادی صنعتوں کی مجموعی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ اپریل سے ستمبر 2026 تک بنیادی صنعتوں کے اشاریے میں مجموعی شرح نمو 5.1 فیصد رہی، جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں یہ شرح 2.5 فیصد تھی۔ اگست 2026 کے حتمی اشاریے کو بھی نظر ثانی کے بعد 119.2 سے بڑھا کر 120.4 کر دیا گیا ہے۔ اس کے نتیجے میں سالانہ شرح نمو 4.8 فیصد سے بڑھ کر 5.9 فیصد ہو گئی ہے۔

کھیت بچاؤ مہم کے تحت پائیدار زراعت کو فروغ دیا جائے گا

شیوراج سنگھ چوہان 30 نومبر تک جاری رہنے والی مہم کا آغاز کریں گے

نئی دہلی، 21 اکتوبر: نیوز ڈیسک: وزارت زراعت و کسانوں کی بہبود 22 اکتوبر سے 30 نومبر 2026 تک ملک گیر "کھیت بچاؤ مہم ربیع 2026" شروع کرے گی۔ اس مہم کا مقصد پائیدار زراعت کو فروغ دینا، زمین کی صحت بہتر بنانا اور زرعی وسائل کے دانشمندانہ استعمال کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ مرکزی وزیر زراعت و کسانوں کی بہبود شیوراج سنگھ چوہان ہریانہ کے شہر کرنال سے مہم کا آغاز کریں گے۔ اس مہم کے ذریعے کسانوں میں زمین کی جانچ کی بنیاد پر کھادوں اور دیگر زرعی مداخل کے متوازن اور مناسب استعمال کے بارے میں بیداری پیدا کی جائے گی۔ تیل دار اجناس، دالوں اور باغبانی سے متعلق منصوبوں کے ذریعے فصلوں کے تنوع کو فروغ دیا جائے گا۔ دھان کی کٹائی کے بعد خالی پڑی زمینوں کے موثر استعمال اور فصلوں کی باقیات کے مناسب انتظام پر بھی زور دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ کسانوں کو نامیاتی اور حیاتیاتی زرعی مصنوعات کے درست استعمال کی تربیت دینے اور بیداری پروگراموں، تربیتی نشستوں اور عملی مظاہروں کے ذریعے قدرتی کاشت کاری کو فروغ دینے پر توجہ دی جائے گی۔ مہم میں پانی کے تحفظ، بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے اور زیر زمین پانی کی سطح کو دوبارہ بہتر بنانے کے اقدامات بھی شامل ہوں گے۔ قدرتی وسائل کے تحفظ اور زراعت کی طویل مدتی پائیداری یقینی بنانے کے لیے ماحول دوست زرعی طریقوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ مہم کے اہم مقاصد میں زمین کی صحت بہتر بنانا، کھادوں اور دیگر زرعی وسائل کا متوازن استعمال، پانی کے موثر استعمال اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا مقابلہ کرنے کے قابل زرعی طریقوں کو فروغ دینا شامل ہے۔ کھادوں، بشمول گرین امونیا اور حیاتیاتی مصنوعات کے مناسب استعمال کے بارے میں بھی بیداری پیدا کی جائے گی۔

پیوش گوئل جرمنی اور نیدرلینڈز کے دورے پر روانہ ہوں گے

تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی و تکنیکی تعاون کو فروغ دینے پر توجہ دی جائے گی

نئی دہلی، 21 اکتوبر: نیوز ڈیسک: مرکزی وزیر تجارت و صنعت پیوش گوئل 22 سے 24 اکتوبر 2026 تک جرمنی اور 24 سے 27 اکتوبر تک نیدرلینڈز کا سرکاری دورہ کریں گے۔ اس دورے کا مقصد دونوں ممالک کے ساتھ اقتصادی شراکت داری کو مضبوط بنانا، دو طرفہ تجارت میں توسیع اور صنعتی و تکنیکی تعاون کو فروغ دینا ہے۔ برلن میں قیام کے دوران پیوش گوئل برلن گلوبل ڈائیلاگ میں شرکت کریں گے، جہاں وہ بین الاقوامی پالیسی سازوں اور عالمی کاروباری رہنماؤں سے تبادلہ خیال کریں گے۔ اس موقع پر ہندوستان کے معاشی استحکام، پیداواری صلاحیتوں اور عالمی سپلائی چین کو مضبوط بنانے میں ملک کے اہم کردار کو اجاگر کیا جائے گا۔ اجلاس کے موقع پر وزیر جرمنی کے وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور و توانائی اور جرمن وفاقی چانسلری میں اقتصادی و مالیاتی پالیسی کے

مشیر اور جی سیون و جی ٹوئنٹی کے شیرپا سے اعلیٰ سطحی ملاقاتیں بھی کریں گے۔ ان مذاکرات میں دو طرفہ تجارت و سرمایہ کاری کو وسعت دینے، جدید انجینئرنگ، ماحول دوست نقل و حرکت اور صاف ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون تیز کرنے اور ہندوستان۔یورپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کے جاری مذاکرات کے تحت منڈیوں تک رسائی اور سرمایہ کاری کے امکانات تلاش کرنے پر توجہ دی جائے گی۔ نیدرلینڈز کے دورے کے دوران وزیر ہیگ میں دونوں ممالک کی حکومتوں کے درمیان وسیع پیمانے پر مذاکرات کی قیادت کریں گے۔ وہ نیدرلینڈز کے وزیر برائے اقتصادی امور و موسمیات اور وزیر برائے بیرونی تجارت و ترقیاتی تعاون سے ملاقات کر کے تجارتی روابط میں توسیع اور ماحول دوست تبدیلی سے متعلق اقدامات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

HANFIA MODEL HIGH SCHOOL

CHANDILORA TANGMARG, DISTRICT BARAMULLA, UT OF J&K

LIST OF MANAGING BODY

S. No	Name/ Parentage/ Residence	Qualification	Designation	Photograph
01	Al Haj Syed Ghulam Mohammad Shah S/o Syed Abdullah Shah R/o Bilal Abad Waripora Sopore	Matric	Sarparastalla Chairman	
02	Abdul Rashid Dar S/o Ghulam Mohi-ud-din Dar R/o Binner Baramulla	M.Sc, B.Ed, L.L.B	General Secretary	
03	Dr. Syed Mohammad Ayub Qadri S/o Mohammad Yaseen Qadri R/o Jaded Noor Bagh Baramulla	MBBS	Vice Chairman	
04	GH. Mohi Din Buhroo S/o Haji Ghulam Rasool Buhroo R/o Azad Gunj Baramulla	Matric	Member	
05	Tariq Ahmad Wani S/o Khawaja Ghulam Rasool Wani R/o Millat Colony Dilna Baramulla	Graduate	Member	
06	Ghulam Ahmad Ganai S/o Mohammad Sultan Ganai R/o Shrai Tangmarg	Matric	Member	
07	Mohammad Altaf Wani S/o Ali Mohammad Wani R/o Tarahama Kawarahama	B.Ed	Principal of the School (Member)	
08	Bashir AHmad Parray S/o Ali Mohammad Parray R/o Duroo Tangmarg	Matric	Member	
09	Ghulam Mohammad Dar S/o Wali Mohammad Dar R/o Hardu Ichloo Tangmarg		Member	
10	Syed Nasreena Manzoor W/o Parveez Ahmad Peer S/o Wussan Bangil	M.A, B.Ed	Teacher/ Member	
11	Ummar Manzoor S/o Manzoor Ahmad Ganie R/o Gokhama Tangmarg	10+2	Parent Member	
12	Dwarika Nath Sadhu S/o Shamboo Nath Sadhu, Present Address: House No-41 Sec A/2 Laxmi Puram Chinore Jammu Bantalab-181123, Permanent Address: Darhama Chandil Wanigam Tangmarg	Graduate	Parent Member	

If anybody having any objection regarding the above mentioned list may file the same before the concerned athority within a period of seven days from the date of publication of this notice after that no objection shall be entertained.

Sd/-Sarparast alla/Chairman

PUBLIC NOTICE

It is to inform the general public that in Aadhar Card records (Aadhar No. 8399 4693 7114), my credentials have been erroneously mentioned as MUNEERA MANZOOR W/O MANZOOR AHMAD DAR R/O OLD BARZULLA instead of MUNIRA AKTHER W/O MANZOOR AHMAD DAR R/O OLD BARZULLA. Now I want rectification of the same. In this regard, any person or authority having any objection regarding this correction and rectification may file their objection with the concerned authorities within 7 days from the publication of this notice. No objection received within the stipulated time shall be presumed as no objection.

MUNIRA AKTHER W/O MANZOOR AHMAD DAR R/O OLD BARZULLA.

PUBLIC NOTICE

It is to inform the general public that in school records of my son/ward, studying in D.P.S. Budgam in Class 9th (Roll No. 1), his credentials have been erroneously mentioned as Aayan S/o Manzoor Ahmad Dar R/o Barzulla Srinagar instead of AAYAN MANZOOR DAR S/o MANZOOR AHMAD DAR R/o OLD BARZULLA SRINAGAR. Now I want rectification of the same. In thi regard, any person or authority having any objection regarding this correction and rectification may file their objection with the school authorities or concerned department within 7 days from the publication of this notice. No objection received within the stipulated time shall be presumed as no objection.

Sd/- MANZOOR AHMAD DAR F/o Aayan Manzoor Dar R/o Old Barzulla, Srinagar

PUBLIC NOTICE

I, Manzoor Ahmad Bhat S/o / D/o Abdul Rashid Bhat R/o Nadirgund Peerbagh Srinagar have applied for issuance of a Legal Heir Certificate before the Tehsildar, Chanapora/Natipora, Srinagar.

It is hereby notified that my father namely Abdul Rashid Bhat expired on 03-09-2026, leaving behind the following legal heirs:

S. No.	Name	Age	Relationship with deceased
1.	Shamima Bano	50 years	Wife
2.	Manzoor Ahmad Bhat	38 years	Son
3.	Sumaira Gul	32 years	Daughter
4.	Rozay Rashid	30 years	Daughter

If any person has any objection(s) regarding the issuance of the said certificate, they may file their objection(s) before the office of the Tehsildar, Chanapora/Natipora or the concerned Naib Tehsildar (Nowgam/Sanatnagar), Srinagar within the 07 days from the date of publication of this notice.

No objection shall be entertained after the expiry of the stipulated period

Naib Tehsildar, Sanatnagar

PUBLIC NOTICE

An electric connection bearing Consumer ID No. 0203010015678 was on the name of Shabir Ahmad Ahangar S/O Mohd Akber Ahangar R/O Nund Resh Coleny B House No. 102. Now we intend to transfer the same on our name. In this regard, any person or authority having any objection regarding this may file their objection to Sub Division Watal Kadal Srinagar within 7 days from the date of publication of this notice. No objection received within the stipulated time shall be presumed as no objection.

Bashir Ahmad Malik & Subzar Ahmad Malik
R/o Nund Resh Colony B House No. 102
Contact No. 9906414044

PUBLIC NOTICE

It is to inform the general public that in the school records of my daughter, Afifa Zahoor, studying in J.K. Public School, Humhama in Class 9th (Roll No. 31), her parents' credentials have been erroneously mentioned as Zahoor Ahmad Trambo and Shakeela R/o Mini Colony, Chanapora, Srinagar instead of Zahoor Ahmad Tramboo and Shakeela Kounsar R/o Mini Colony, Chanapora, Srinagar. Now I want rectification of the same. In this regard, any person or authority having any objection regarding this correction and rectification may file their objection with the school authorities or concerned department within 7 days from the publication of this notice. No objection received within the stipulated time shall be presumed as no objection.

SHAKEELA KOUNSAR
Mother of Afifa Zahoor
R/o Mini Colony,
Chanapora, Srinagar

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1

کہا کہ کشمیر میں، ہم دہشت گردی پر قابو پانے میں بڑی حد تک کامیاب رہے ہیں۔ شمال مشرق میں ہونے والی پیش رفت کا حوالہ دیتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ مختلف امن معاہدوں اور ہزاروں افراد کی جانب سے ہتھیار ڈالنے کے عمل نے اس خطے کو امن کی جانب بڑھنے میں مدد دی ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ سیکورٹی فورسز نے نکسل واد کی لعنت کو ختم کرنے میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے، جو پانچ دہائیوں تک کئی ریاستوں میں موجود رہی تھی۔

بقیہ نمبر 2

عزت اور شان کے لئے سب کچھ قربان کر دیا۔" انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پولیس کی وردی خدمت، ذمہ داری اور قربانی کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیسنگ کا اصل معیار عوامی تحفظ کو یقینی بنانے، شہریوں کو انصاف فراہم کرنے اور ضرورت اور بحران کے وقت معاشرے کے ساتھ کھڑے ہونے میں مضمر ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، "آزادی کے بعد گزشتہ 79 برسوں میں ہندوستان کو متعدد چیلنجوں کا سامنا پڑا ہے۔ جموں وکشمیر پولیس، ہندوستانی فوج اور سینٹرل آرمڈ پولیس فورسز (سی اے پی ایف) نے مشکل ترین حالات میں ملک کی سلامتی اور سالمیت کی حفاظت کی ہے۔ آج ہندوستان ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے اپنے ہدف کی جانب عزم کے ساتھ گامزن ہے۔ اس سفر میں جموں وکشمیر کا امن، استحکام اور ترقی خصوصی اہمیت رکھتے ہیں اور انہیں یقینی بنانے کی بڑی ذمہ داری پولیس، فوج اور سی اے پی ایف کے کندھوں پر ہے۔" انہوں نے جموں وکشمیر میں امن اور ترقی کو مضبوط بنانے کے لئے مرکزی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا اور شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اتحاد، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور باہمی اعتماد کو برقرار رکھیں اور امن واستحکام کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرنے والی قوتوں اور عناصر کے خلاف چوکس رہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، "ہمارا مقصد جموں وکشمیر میں دہشت گردی اور اس سے وابستہ ہر عنصر کی نشاندہی کرنا اور ان کا خاتمہ کرنا ہے۔ آج ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک یہ سرزمین علیحدگی پسند اور دہشت گرد عناصر سے پاک نہ ہو جاتی۔ میں جموں و کشمیر کے اندران عناصر کو خبردار کرتا ہوں جو دہشت گردی کی حمایت کرتے ہیں کہ تمہارا وقت اب ختم ہو چکا ہے۔ اگر تم پاتال میں بھی چھپنے کی کوشش کرو گے، تب بھی ہم تمہیں ڈھونڈ نکالیں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ تمہیں قانون کے مطابق سزا ملے۔" انہوں نے خواتین، بچوں اور معاشرے کے کمزور طبقات کے تحفظ کے لئے مسلسل کوششوں، منشیات کی سمگلنگ کے خلاف اقدامات کو مضبوط بنانے اور نارکو ٹیررازم اور اس کے معاون نیٹ ورکس کا سختی سے مقابلہ کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ متوجہ سمجھاتے کہا، "خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کی روک تھام، کمزور طبقات کا تحفظ اور متاثرین کو بروقت انصاف کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے۔ ایسے جرائم کی نگرانی اور روک تھام کے نظام کا مسلسل جائزہ لینا اور انہیں مزید مؤثر بنانا ضروری ہے۔ اسی طرح منشیات سے پاک جموں وکشمیر کا عزم ہمارا اجتماعی عہد ہونا چاہیے۔" انہوں نے کہا، "میں جموں وکشمیر پولیس، ہندوستانی فوج اور سینٹرل آرمڈ پولیس فورسز کے تمام افسران اور اہلکاروں کی خدمت کے جذبے، بہادری اور فرض شناسی کو سراہتا ہوں۔ میں ان کے ہر مشن میں کامیابی، ان کی زندگیوں میں تحفظ اور ان کے روشن مستقبل کے لئے دعا گو ہوں۔"

بقیہ نمبر 3

گشت کے دوران چینی فوجیوں کے گھات لگا کر کیے گئے حملے میں شہید ہونے والے مرکزی ریزرو پولیس فورس (سی آر پی ایف) کے 10 اہلکاروں کی قربانی کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ یہ دن پولیس اہلکاروں اور حفاظتی دستوں کو اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے درپیش خطرات کی یاد دلاتا ہے۔ چاہے عوامی نظم وضبط برقرار رکھنا ہو، جرائم کا مقابلہ کرنا ہو یا شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کرنا ہو، یہ اہلکار ہر حال میں اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہیں۔ ملک بھر میں پولیس یادگاروں پر خصوصی تقریبات منعقد کر کے شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر خدمات انجام دینے والے پولیس افسران بھی اپنے فرائض، عوامی خدمت اور ملک کی حفاظت کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 4

خاتون اور ایک کمسن لڑکی سمیت دو زخمیوں نے رام نگر اسپتال منتقل کیے جانے کے دوران دم توڑ دیا۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اطلاع دی کہ بدقسمتی سے حادثے میں دو افراد کی موت ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 10 زخمیوں کو سب ڈسٹرکٹ اسپتال (ایس ڈی ایچ)، رام نگر پہنچایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 5

سراغ لگا کر ان کے خلاف قانونی کارروائی یقینی بنائے گی۔ ملن پر بھارت نے عوام پر زور دیا کہ وہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی، باہمی اعتماد و اتحاد کو برقرار رکھیں۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ خطے کے امن اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوششوں کے تئیں چوکس رہیں اور امن قائم رکھنے میں جموں وکشمیر پولیس، فوج اور دیگر حفاظتی دستوں کے ساتھ تعاون کریں۔ انہوں نے خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کی روک تھام کے لیے مزید مؤثر اقدامات کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ نمبر 6

شناخوں اور سی آئی ایف شناختی نمبر، لیڈ آئی ڈی، قرض اور لیڈر ریکارڈ سے متعلق اضافی معلومات اور دیگر متعلقہ فائلیں شامل تھیں۔ بینک نے بتایا کہ افشا ہونے والے ڈیٹا کی درستگی اور مکمل ہونے کی جانچ کرنے، اس کے ماخذ اور دائرے کا پتا لگانے اور صارفین و بینک کو لاحق خطرات کا اندازہ لگانے کے لیے اس نے فوری طور پر سائبر واقعات سے نمٹنے اور ان کے پھیلاؤ کو روکنے کے اقدامات شروع کر دیے۔

بقیہ نمبر 7

کو تبدیل کرنا یا اپ گریڈ کرنا اختیاری ہے۔ اسمارٹ میٹر نصب کرنے کے لیے کیبل تبدیل کرنے یا نئی کیبل خریدنے کو لازمی شرط نہیں بنایا جا سکتا۔

بقیہ نمبر 8

مدت تک منقطع ہونے کا خطرہ رکھتے ہیں، برف صاف کرنے کے کاموں کی موثر نگرانی کی اہمیت پر زور دیا۔ بجلی کی فراہمی کے منظرنامے کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور تقسیم کار کمپنیوں کو ہدایت دی کہ وہ نوٹیفائیڈ پاور کرٹیلمنٹ شیڈولز کی سختی سے پابندی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ تکنیکی خرابیاں اور دیگر ناگزیر حالات بھی کبھار شیڈول کردہ کٹوتیوں سے زیادہ بجلی کی رکاوٹوں کا سبب بن سکتے ہیں، تاہم صارفین کو جہاں ممکن ہو ایسے خلل کے بارے میں پیشگی مطلع رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بروقت رابطہ عوامی تکلیف کو کم کرنے اور صارفین کو اس کے مطابق منصوبہ بندی کرنے کے قابل بنانے کیلئے لازمی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ تکنیکی یا دیگر ناگزیر وجوہات کی بنا پر نوٹیفائیڈ شیڈول سے کسی بھی انحراف کی فوری طور پر مناسب ذرائع کے ذریعے صارفین کو اطلاع دی جانی چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ لوگوں کو بجلی کی رکاوٹوں کی مدت یا وجوہات کے بارے میں غیر یقینی صورتحال میں نہیں چھوڑا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ فیلڈ سٹاف کو منظور شدہ بجلی کی کٹوتی کے شیڈولز پر سختی سے عمل کرنا چاہیے اور انہیں اپنی صوابدید پر اضافی یا غیر شیڈولڈ پاور کٹ لگانے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نوٹیفائیڈ شیڈولز میں کوئی بھی تبدیلی مناسب سطح پر منظور ہونی چاہیے اور صارفین کو مطلع کرنے کیلئے مقررہ انتظامات پر حرف بہ حرف عمل کیا جانا چاہیے۔ جوابدہی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے بجلی کی فراہمی کے انتظامات کی موثر نگرانی اور محکمے کو ہدایت دی کہ مطلع شدہ شیڈولز کو متعلقہ علاقوں میں یکساں طور پر نافذ کیا جائے۔ میٹنگ کے دوران ڈویژنل کمشنر کشمیر اور ڈویژنل کمشنر جموں نے اپنے اپنے ڈویژنز کی جانب سے تیار کردہ موسم سرما کی تیاری کے منصوبوں پر تفصیلی پریزنٹیشنز پیش کیں۔ ان پریزنٹیشنز میں برف زدہ علاقوں میں برف کی صفائی، راشن، ایل پی جی اور دیگر ضروری اشیاء کے ذخائر، بجلی اور پینے کے پانی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کی تیاری اور شدید برف باری کے دوران صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کی دستیابی کے انتظامات کا احاطہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ کمزور طبقات کو پیشگی طور پر شناخت کیا جائے اور مناسب انتظامات کیے جائیں تاکہ موسم کی ناموافق حالات کی وجہ سے کوئی مریض ایمرجنسی طبی دیکھ بھال سے محروم نہ رہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ خاص طور پر دور دراز اور برف سے ڈھکے ہوئے علاقوں میں جہاں سردیوں میں لوگوں اور سامان کی نقل و حرکت مشکل ہو سکتی ہے، ضروری اشیاء، صحت کی خدمات، بجلی اور پینے کے پانی کی دستیابی کو پیشگی منصوبہ بندی کے ذریعے یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے تمام محکموں سے کہا کہ وہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ موسمیاتی ہنگامی حالات کو بروقت نمٹنے کیلئے ہنگامی انتظامات موجود ہوں۔ انہوں نے فیلڈ میں موجود فارمیشنز اور ضلعی حکام کے درمیان موثر مواصلت کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ ابھرتے ہوئے چیلنجز کو بلا تاخیر نمٹا جا سکے۔ میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری، وزراء جاوید رانا اور ستیش شرما، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، چیف سیکرٹری، پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری، وزیر اعلیٰ کے اڈیشنل چیف سیکرٹری، مختلف محکموں کے انتظامی سیکریٹریز، تمام ڈپٹی کمشنرز، ڈائریکٹر انفارمیشن جموں و کشمیر، سینئر پولیس افسران، جموں وکشمیر ڈسکامز کے مینیجنگ ڈائریکٹرز، محکموں کے سربراہان اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ سرینگر سے باہر تعینات افسران نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 9

ترجمان نے کہا کہ قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد، اسے بحفاظت اس کے اہل خانہ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے کہا کہ تمام سوشل میڈیا صارفین اور پیج ایڈمنز جنہوں نے لڑکی کی تصویر شیئر کی ہے، ان سے درخواست ہے کہ وہ اسے فوری طور پر ڈیلیٹ کر دیں اور مزید شیئر نہ کریں، تاکہ لڑکی کی پرائیویسی کا تحفظ کیا جا سکے۔

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101

نے کہا: "یہ پورے ملک کے لیے باعثِ فخر ہے کہ بسوہلی میں ایک مرتبہ پھر ثقافتی احیا کا دور شروع ہو رہا ہے۔ مجھے پورا یقین ہے کہ موجودہ نسل آنے والی نسلوں کے لیے ایک بیش قیمت فنکارانہ ورثہ تخلیق کرے گی۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں 'وکاس بھی، وراثت بھی' کے تصور کے تحت فنکاروں اور دستکاروں کو مسلسل پذیرائی اور تعاون حاصل ہو رہا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ پی ایم وشوکرما اسکیم کے تحت تمام اہل دستکاروں کو بروقت تربیت، قرض کی سہولت، جدید آلات، ڈیزائن کے حوالے سے معاونت اور منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ روایتی علم کو جدت کے ساتھ جوڑیں اور مقامی ثقافتی ورثے کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے ڈیجیٹل پلیٹ فارموں اور آن لائن تجارت سے فائدہ اٹھائیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے رواں سال کے اتسو میں 'تکتی پر پیرا' کو مرکزی موضوع بنانے کی بھی ستائش کی۔ انہوں نے تمام متعلقہ فریقوں پر زور دیا کہ وہ بھارت کے مالا مال ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے، فروغ دینے اور اس پر فخر کرنے کے ساتھ ساتھ ملک کو ایک ترقی یافتہ قوم بنانے کے سفر میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا: "بسوہلی اتسو کے اختتام پر ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے فنکاروں اور دستکاروں کی قدر کریں گے اور نئی نسل کو اپنے ورثے پر فخر کرنا سکھائیں گے۔ ہمیں یہ عزم بھی کرنا چاہیے کہ جب دنیا بسوہلی کا ذکر کرے تو صرف اس کے شاندار ماضی کی بات نہ ہو بلکہ اس کے پراعتماد حال کا تذکرہ بھی کرے۔"

102

خانصاحب سیف الدین بٹ، ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کشمیر نصیر احمد وانی، چیئرمین ڈون سکول سری نگر شوکت حسین خان، سکول کے پرنسپل اور دیگر متعلقہ شخصیات موجود تھیں۔

103

اداروں، ہاسٹلوں اور رہائشی اداروں میں بامقصد اور سب کو شامل کرنے والی سرگرمیاں منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا، تاکہ طلبہ اور عام لوگوں کو بھگوان برسا منڈا اور دیگر قبائلی مجاہدین آزادی کی جدوجہد اور خدمات سے آگاہ کیا جا سکے، جنہوں نے ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں اہم کردار ادا کیا۔ مجوزہ تقریبات کے سلسلے میں بھگوان برسا منڈا اور دیگر قبائلی مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے پھول نچھاور کرنے کی تقریبات منعقد کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ قبائلی فنون، رقص، موسیقی، دستکاری، رسم و رواج اور ثقافتی روایات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے عمر کے لحاظ سے موزوں تربیتی نشستیں اور ورکشاپس منعقد کرنے پر زور دیا گیا۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے ہندوستانی معاشرے میں قبائلی برادریوں کی نمایاں خدمات کو بھی اجاگر کیا جائے گا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر نے قبائلی برادریوں سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات، خصوصاً ممتاز قبائلی دانشوروں اور مختلف شعبوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے افراد کی شناخت کر کے انہیں اعزاز سے نوازنے کی ضرورت پر بھی زور دیا، تاکہ ان کی کامیابیاں نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ بن سکیں۔ میٹنگ میں طلبہ کو قبائلی برادریوں کے ساتھ مل کر سماجی خدمات انجام دینے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دینے پر بھی زور دیا گیا۔

104

منتری اجولا یوجنا، سکنیہ سمردھی یوجنا اور مدرا یوجنا جیسی اسکیمیں خواتین کے وقار، مالی خودمختاری اور مساوی مواقع فراہم کرنے کے حکومتی عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ملک کی تقریباً نصف آبادی پر مشتمل ہیں اور ترقی یافتہ و خودکفیل بھارت کی تعمیر کے لیے ان کی فعال شرکت ناگزیر ہے۔ انہوں نے مہیلا مورچہ کے عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ تنظیمی سرگرمیوں کو بنیادی سطح پر مزید مضبوط بنائیں، ہر گھر تک پہنچیں اور عوام میں سرکاری فلاحی اسکیموں کے بارے میں زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کریں۔ ست شرما نے مزید کہا کہ مودی حکومت نے خواتین کی فلاح و بہبود سے متعلق اپنے عزم کو عملی اقدامات میں تبدیل کیا ہے اور بی جے پی اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ ہر مستحق خاتون ان اسکیموں کے فوائد حاصل کر سکے۔ سپنا ڈوگرا نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا ایک مضبوط معاشرے اور ترقی پسند قوم کی تعمیر کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہیلا مورچہ کو بنیادی سطح پر حکومت اور خواتین کے درمیان ایک موثر رابطے کے طور پر کام کرنا چاہیے، تاکہ فلاحی اسکیموں کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے ساتھ مستحق خواتین کو ان کے فوائد حاصل کرنے میں مدد فراہم کی جا سکے۔ نیہا مہاجن نے مہیلا مورچہ کے کارکنوں کی جانب سے حال ہی میں انجام دیے گئے تنظیمی پروگراموں کی تفصیلات پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی مہیلا مورچہ ضرورت مند خواتین تک مودی حکومت کی فلاحی اسکیموں کے فوائد پہنچانے اور خواتین کو پارٹی کے نظریے سے جوڑنے کے مشن کے لیے پرعزم ہے۔ اجلاس کے دوران تنظیمی پروگراموں کا جائزہ لیا گیا اور جموں وکشمیر میں مہیلا مورچہ کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مستقبل کی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مہیلا مورچہ کی جنرل سیکرٹری ارونی گپتا نے اجلاس کی کارروائی چلائی، جبکہ جنرل سیکرٹری پونم گپتا نے اظہار تشکر پیش کرتے ہوئے سینئر قیادت اور اجلاس میں شریک عہدیداروں کا شکریہ ادا کیا۔

105

کی گنجائش ہوگی۔ یہ پروجیکٹ کافی عرصے سے التوا کا شکار تھا مگر وزراء II کی کونسل کی جانب سے ضروری ریلیکسیشن کی منظوری کے بعد حال ہی میں دوبارہ شروع ہو گیا ہے۔ عوامی صحت کی دیکھ بھال کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے متعلقہ محکموں کے درمیان موثر ہم آہنگی کی ضرورت پر بات کی تاکہ پراجیکٹ کی پیشرفت کو آسان بنایا جا سکے اور حضرت بل اور ملحقہ علاقوں کے لوگوں کو بہتر صحت کی سہولیات کا فائدہ مل سکے۔ یہ میٹنگ حکومت کی جانب سے جموں وکشمیر بھر میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور معیاری طبی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔

106

نے پارٹی کو بنیادی سطح پر مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے پارٹی عہدیداروں پر تاکید کی کہ وہ عوام کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھیں اور لوگوں کے مسائل و مشکلات کو حل کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس حکومت تمام خطوں میں یکساں تعمیر و ترقی اور لوگوں کو راحت پہنچانے کے کام میں مصروف عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے فضل و کرم اور لوگوں کے اشتراک سے حکومت ہر حال میں لوگوں کی خدمت کرتی رہے گی اور اس کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے اپنے خطاب میں کہا کہ گاندربل ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے گزشتہ دو برسوں کے دوران انجام دیے گئے ترقیاتی کاموں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ عوام گاندربل خوش قسمت ہیں کہ انہیں عمر عبداللہ کی صورت میں اپنا نمائندہ ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اپنے حلقہ انتخاب گاندربل کی طرف خاص توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں اور وہاں کے لوگوں کو راحت پہنچانے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی جا رہی ہے۔ ضلع صدر گاندربل شیخ غیاث الدین نے کہا کہ عوام مختلف شعبوں میں جاری ترقیاتی کاموں سے مطمئن ہیں اور عوامی بنیادی ڈھانچے اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے کی جانے والی کوششوں کو سراہ رہے ہیں۔ اس موقعے پر بلاک واکورہ سے تعلق رکھنے والے محمد یوسف نے نیشنل کانفرنس میں شمولیت اختیار کی۔ پارٹی رہنماؤں نے ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی شمولیت سے پارٹی کو بنیادی سطح پر مزید تقویت حاصل ہوگی۔ اجلاس میں یوتھ نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر میر مشتاق احمد، ضلع سکریٹری محمد یاسین شاہ، بلاک صدور اور دیگر پارٹی عہدیداران بھی موجود تھے۔

107

علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے سماج دشمن سرگرمیوں سے متعلق معلومات پولیس کے ساتھ شیئر کریں۔ پولیس افسران نے قیمتی تجاویز پیش کرنے پر شرکاء II کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام اور پولیس کے درمیان روابط کو مضبوط بنانے، عوامی شکایات کا ازالہ کرنے اور لوگوں کی حفاظت و بہبود کو یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

108

'انڈیا پویلین' کا مشترکہ افتتاح کیا۔ یہ اقدام جموں وکشمیر کو ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کے لئے ایک بہترین سیاحتی مقام کے طور پر فروغ دینے کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ اس بین الاقوامی ٹریول ٹریڈ ایونٹ کے پہلے دن وزیر موصوف اور وفد نے بین الاقوامی ٹور آپریٹروں، ٹریول ٹریڈ ایسوسی ایشنوں، سرکاری نمائندوں اور عالمی سیاحتی صنعت کے دیگر اہم شراکت داروں کے ساتھ کاروباری سطح پر (بی ٹو بی) بات چیت اور سٹریٹجک میٹنگیں کیں۔ ان میٹنگوں اور بات چیت میں جموں وکشمیر میں سیاحت کے متنوع تجربات کو اجاگر کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی جن میں تفریح اور زیارت گاہوں کے مشہور مقامات، ایڈونچر ٹورازم، سرمائی کھیل، کم معروف مگر دلچسپ مقامات اور شاندار ثقافتی ورثے سے متعلق پرکشش مقامات شامل ہیں۔ وفد نے بین الاقوامی ٹریول آپریٹروں اور سیاحتی شراکت داروں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ باہمی تعاون کے مواقع تلاش کریں اور جموں وکشمیر کو اپنے ٹریول پیکجز اور سیاحتی مقامات کی فہرست میں شامل کریں۔ اس موقع پر وزیر سکینہ ایتو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر قدرتی حسن، ثقافتی ورثے، روحانی مقامات اور مہم جوئی پر مبنی تجربات کا ایک بہترین امتزاج پیش کرتا ہے جو اسے مختلف دلچسپیوں کے حامل سیاحوں کے لیے ایک پرکشش مقام بناتا ہے۔ انہوں نے کہا، "جموں وکشمیر میں سیاحت کے وسیع امکانات موجود ہیں اور ہماری کوشش ہے کہ اس کے تنوع کو دنیا کے سامنے لایا جائے۔ یہاں کے دلکش مناظر اور متحرک ثقافتی روایات سے لے کر پلگریج ٹورازم، مہم جوئی کی سرگرمیوں اور سرمائی کھیلوں تک یہ یونین ٹیریٹری سیاحوں کو سال بھر منفرد تجربات فراہم کرتا ہے۔"

109

ہوں گے۔ کمشنر سیکرٹری صنعت و حرفت وکرم جیت سنگھ نے تفصیلات پیش کرتے ہوئے بتایا کہ جموں میں ایکتا مال کی تعمیر ریل ہیڈ کمپلیکس میں 24 کنال اراضی پر تعمیر کرنے کی تجویز ہے۔ اس عمارت میں دو تہہ خانے، ایک گراؤنڈ فلور اور تین بالائی منزلیں ہوں گی جبکہ اس کا مجموعی رقبہ تقریباً 2.14 لاکھ مربع فٹ ہوگا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس منصوبے کو 125 کروڑ روپے کی انتظامی منظوری مل چکی ہے۔ اس میں ریٹیل اور 7 ٹسٹ لیس، کام کرنے کی جگہیں، عوامی ثقافتی سہولیات، دستکاری کا میوزیم/ آرٹ گیلری، نمائش اور تجارتی سہولیات کے لئے جگہیں، فوڈ کورٹ اور کئی دیگر مختلف سہولیات شامل ہوں گی۔ اسی طرح میٹنگ میں بتایا گیا کہ سری نگر میں ایکتا مال کی تعمیر جہانگیر چوک۔ رعد مالو روڈ پر واقع کشمیر ہاٹ کمپلیکس میں 15 کنال رقبے پر تعمیر کرنے کی تجویز ہے۔ اس چھ منزلہ عمارت میں ایک تہہ خانہ، گراؤنڈ فلور اور چار بالائی منزلیں شامل ہوں گی جبکہ اس کا مجموعی رقبہ تقریباً 1.81 لاکھ مربع فٹ ہوگا۔ اس منصوبے میں ریٹیل دکانیں، دستکاری کا میوزیم، نمائش ہال، تجارتی سہولت کاری کے لئے مخصوص جگہیں، 1 ؟ ڈیٹوریم، اندرونی ایکٹی ٹھیٹر، فوڈ کورٹ، کھانے پینے کی سہولیات اور مہمانوں کے قیام کا انتظام شامل ہے جس کی منظوری 130 کروڑ روپے کی لاگت سے دی گئی ہے۔

110

کام کاج کو بہتر بنایا جا سکے اور غیر پروسیس شدہ کچرے کے جمع ہونے میں کمی لائی جا سکے۔ ڈاکٹر بشارت قیوم نے پرانے جمع شدہ کچرے کی حیاتیاتی صفائی کے منصوبے کا بھی معائنہ کیا اور اس کی سائنسی طریقے سے پروسیسنگ کے لیے کیے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مشینری کی مناسب کارکردگی اور بروقت دیکھ بھال کو یقینی بنانے، کچرے کی نقل و حمل کو منظم کرنے اور پروسیسنگ کے انتظامات کو مزید مستحکم بنانے پر زور دیا تاکہ لینڈ فل سائٹ پر کچرے کا بوجھ کم کیا جا سکے۔ کچرے سے خارج ہونے والے آلودہ پانی کی صفائی کے پلانٹ اور تعمیراتی و انہدامی ملبے کی پروسیسنگ پلانٹ کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے کمشنر نے ان کے موثر استعمال اور مناسب انتظام و انصرام کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کچرے سے تیار ہونے والے ایندھن (آر ڈی ایف) کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا اور کہا کہ ضروریات کے مطابق اس کے منظم ذخیرے اور نقل کے مناسب انتظامات کیے جانے چاہئیں تاکہ سائٹ پر تمام سرگرمیاں منظم انداز میں جاری رہیں۔ صفائی ستھرائی کے بہتر معیار کو برقرار رکھنے کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ سائٹ سے اٹھنے والی بدبو پر قابو پانے کے لیے دھوئیں سے پاک کرنے کے اقدامات اور دیگر مناسب تدابیر اختیار کی جائیں۔ انہوں نے لینڈ فل سائٹ کے اندر اور آس پاس صفائی برقرار رکھنے اور متعلقہ ٹھوس کچرا انتظامی و ماحولیاتی ضوابط کے مطابق باقاعدہ نگرانی یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ اس معائنے میں کچرے کے انتظامات کو بہتر بنانے کے لیے میونسپل کارپوریشن کے صفائی، مکینیکل، ٹرانسپورٹ، برقی اور تعمیراتی شعبوں کے درمیان مربوط کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ پرانے کچرے کی موثر صفائی، سائنسی پروسیسنگ اور متعلقہ تنصیبات کا مناسب انتظام لینڈ فل سائٹ پر دباؤ کم کرنے، ماحولیاتی خطرات گھٹانے اور عوامی صحت کے تحفظ کے لیے ضروری قرار دیا گیا۔ سری نگر میونسپل کارپوریشن بہتر تال میل، وسائل کے موثر استعمال اور ماحول دوست طریقوں کے ذریعے کچرے کے انتظامی نظام کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے تاکہ شہر کو صاف ستھرا اور صحت مند بنایا جا سکے۔

111

محکمہ تعمیرات عامہ کو میراتھن روٹ پر سڑکوں کے گڑھے بھرنے اور سڑک کی سطح کو ہموار بنانے کی ہدایت دی۔ محکمہ جل شکتی کو پانی کی رسنے والی پائپ لائنوں کی مرمت کرنے کے لیے کہا گیا۔ سری نگر میونسپل کارپوریشن کو انتہائی مقام پر موبائل بیت الخلا گاڑیوں کی مناسب تعداد تعینات کرنے اور میراتھن کے دوران مشکلات کا سامنا کرنے والے شرکاء II کو منتقل کرنے کے لیے صفائی بسوں کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی۔ شرکاء II اور عام لوگوں کی آمد و رفت کو آسان بنانے پر زور دیتے ہوئے ڈویژنل کمشنر نے جامع ٹریفک انتظامی منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت دی۔ متعلقہ حکام سے کہا گیا کہ عوام کی سہولت کے لیے میراتھن روٹ کا نقشہ پیشگی طور پر شائع کیا جائے۔ تقریب کو مزید پرکشش بنانے کے لیے محکمہ باغبانی کو اسٹیج سجانے جبکہ میونسپل کارپوریشن کو میراتھن روٹ کے درمیان واقع سڑکوں کے ڈیوائیڈروں کو خوبصورت بنانے کی ہدایت دی گئی۔ ڈویژنل کمشنر نے جامع حفاظتی انتظامات کی اہمیت پر بھی زور دیا اور ہدایت دی کہ تقریب کے روز تمام شرکاء شام چار بجے تک مقام تقریب پر پہنچ جائیں۔ میٹنگ کے دوران انشل گرگ نے طبی سہولیات، رضاکاروں کی تربیت، اسٹالوں کی تنصیب، پینے کے پانی کی دستیابی اور مقام تقریب پر بلاتعطل بجلی کی فراہمی سے متعلق انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں میونسپل کارپوریشن کے کمشنر، ضلع ترقیاتی کمشنر سری نگر، ایس ایس پی ٹریفک، ڈائریکٹر سیاحت، محکمہ پولیس کے نمائندوں، جموں وکشمیر اسپورٹس کونسل کے افسران اور محکمہ اطلاعات، جل شکتی، تعمیرات عامہ سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔

112

روپے کا انعام مقرر تھا۔ مجموعی طور پر شریک پہلوانوں میں چھ لاکھ روپے سے زائد کے نقد انعامات تقسیم کیے گئے، تاکہ ان کی صلاحیتوں، محنت اور کھیل میں عمدہ کارکردگی کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ستیش شرما نے دنگل کمیٹی اڑرالیس پورہ کی تعریف کی کہ وہ کشتی کی قدیم اور شاندار روایت کو محفوظ رکھنے اور فروغ دینے کے ساتھ پہلوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ روایتی کھیل جموں وکشمیر کے ثقافتی ورثے کا لازمی حصہ ہیں اور نوجوانوں میں نظم وضبط، جسمانی تندرستی، ہمت اور کھیل کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیر نے زور دیا کہ کشتی اور دیگر مقامی کھیلوں کی جدید کھیلوں کے ساتھ ساتھ مسلسل حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی سطح پر منعقد ہونے والے کھیلوں کے مقابلے نئی صلاحیتوں کی شناخت، نوجوان کھلاڑیوں کو مواقع فراہم کرنے اور کھیلوں میں عوامی شرکت بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ ستیش شرما نے کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، نوجوانوں کی کھیلوں میں شرکت بڑھانے اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو ضلعی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کی سرگرمیاں نوجوانوں کی توانائی کو مثبت سمت دینے کے ساتھ ان میں خود اعتمادی، نظم وضبط اور صحت مند مسابقت کا جذبہ پیدا کرتی ہیں۔ وزیر نے ہریانہ، پنجاب اور دیگر علاقوں سے آئے ہوئے پہلوانوں کی شرکت کو بھی سراہا۔

113

کی قانونی کمیٹیوں اور وکلا کے لیے بھی حوصلہ افزا ہے۔ واضح رہے کہ جموں وکشمیر ہائی کورٹ کا لداخ بینچ 18 اکتوبر 2026 کو چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس سوریا کانت نے لیہ کے علاقے میلونگ تھنگ میں باضابطہ طور پر افتتاح کیا تھا۔

114

"ہماری توجہ جی آئی دستکاریوں، او ڈی او پیز اور دیگر مخصوص روایتی دستکاریوں کے فروغ پر مرکوز ہے۔ کاریگروں اور بنکروں نے ورثے کے دستکاریوں کی ایک وسیع رینج کی نمائندگی کی جن میں سوزنی، کریول اور آری و سٹیچ کڑھائی، اخروٹ کی لکڑی کی نقاشی، پیپر ماشی، پشمینہ اور ٹویڈ ویونگ بنائی شامل ہیں۔" ترجمان نے مزید کہا کہ این آئی ایف ٹی کے فیکلٹی ممبران اور شعبے کے ماہرین نے انٹرایکٹیو اور عملی سیشنز کی قیادت کی جو پروڈکٹ شناخت، برانڈ ڈیولپمنٹ، بصری پیکیجنگ اور حسب ضرورت پیکیجنگ پر مرکوز تھے۔ شرکاء کو مصنوعات کے تحفظ، ٹرانسپورٹیشن کی آسانی اور موثر رابطے میں پیکیجنگ کے کردار کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ پروگراموں میں اس بات پر زور دیا گیا کہ برانڈنگ اور پیکیجنگ صرف پروفیشنل ٹولز نہیں بلکہ مصنوعات کی تیاری، مارکیٹ میں مقام بنانے اور کاروباری ترقی کے لازمی اجزا ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ اس اقدام کا مقصد کشمیر کی روایتی دستکاری اور ثقافتی شناخت کو جدید معیاری تکنیکوں کے ساتھ ہم آہنگ کر کے وہاں کی مشہور دستکاری مصنوعات کی نمائش اور مارکیٹ میں ان کی فروخت کے امکانات کو بہتر بنانا ہے۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

امت مشرا دہلی کوچ مقرر

نئی دہلی، 21 اکتوبر (یو این آئی) تجربہ کار اسپنر امت مشرا اسپن بولنگ کوچ کی حیثیت سے دہلی کیپٹلز میں واپس آ گئے ہیں۔ وہ سابق کرکٹروں کی اس فہرست میں شامل ہو گئے ہیں جن میں ہیڈ کوچ سورو گنگولی، اسسٹنٹ کوچ یوراج سنگھ اور فاسٹ بولنگ کوچ جھلنڈا واس شامل ہیں۔ فرنچائز نے حال ہی میں سپورٹ اسٹاف میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کی ہیں۔ امت مشرا نے 2008 میں آئی پی ایل کے پہلے سیزن سے اب تک 16 سیزن میں 162 میچ کھیلے ہیں۔ انہوں نے اپنے آئی پی ایل کیریئر کا آغاز بھی اسی فرنچائز سے کیا تھا، جسے اس وقت دہلی ڈیئر ڈیولز کہا جاتا تھا، اور 10 سیزن اسی ٹیم کے ساتھ گزارے۔ 2024 میں آخری بار آئی پی ایل میں کھیلنے والے مشرا کے نام 174 وکٹیں ہیں، جن میں ایک مرتبہ پانچ وکٹ (5/17) بھی شامل ہیں۔

بھونیشور جانتے ہیں کیسے دبدبہ قائم کرنا ہے: ایئر

کرائسٹ چرچ، ۲۱ اکتوبر (یو این آئی) تقریباً چار سال کے طویل وقفے کے بعد بھونیشور کمار نے بنگلورو میں ویسٹ انڈیز کے خلاف فیصلہ کن ٹی ۲۰ میچ میں ہندوستانی ٹیم میں واپسی کی۔ بارش کے باعث میچ منسوخ ہونے کی وجہ سے انہیں گیندبازی کا موقع نہیں ملا، لیکن ۳۴ سال کے ہونے کے باوجود اس تجربہ کار تیز گیندباز نے سلیکٹرز کی توجہ اپنی جانب برقرار رکھی ہے۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف میچ میں ارشدیپ سنگھ کے زخمی ہونے کی وجہ سے انہیں ٹیم میں شامل کیا گیا تھا، تاہم نیوزی لینڈ کے خلاف آٹھ ٹی ۲۰ سیریز سے ہندوستانی ٹیم کے مستقبل کے منصوبوں میں بھی بھونیشور کی جگہ برقرار ہے۔ ٹی ۲۰ کپتان شریس ایئر کے مطابق بھونیشور جانتے ہیں کہ اس فارمیٹ میں دبدبہ قائم کرنے کے لیے کیا کرنا پڑتا ہے۔ ایئر نے پہلے ٹی ۲۰ سے قبل کہا، 'بھونیشور ٹیم میں کافی تجربہ لے کر آتے ہیں۔ آئی پی ایل کے بعد ہمیں اس کی کمی محسوس ہو رہی تھی، کیونکہ ہمارے پاس نئی گیندباز تھے۔ اگر آپ ٹی ۲۰ میں ان کے کیریئر کو دیکھیں تو انہوں نے گزشتہ دو سال میں آئی پی ایل جیتا ہے۔ اس لیے انہیں بخوبی معلوم ہے کہ اس فارمیٹ میں کیسے دبدبہ قائم کیا جاتا ہے۔ ۲۰۲۲ میں قومی ٹیم کے لیے آخری بار کھیلنے کے بعد سے تیز گیندباز ٹی ۲۰ بین الاقوامی کرکٹ میں واپسی کر چکے ہیں۔ ارشدیپ سنگھ اور جسپریت بمراہ پہلی پسند ہیں، جبکہ مضبوط ٹیم میں تیسرے تیز گیندباز کی جگہ کے لیے مقابلہ ہے۔ ایئر کا ماننا ہے کہ بھونیشور کی واپسی سے انتخاب کی مشکل ضرور بڑھے گی، لیکن یہ ایک خوش آئند الجھن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے موجودہ کھلاڑیوں کو مسلسل اچھی کارکردگی پیش کرنے کی ترغیب ملے گی، کیونکہ ٹیم کا آخری مقصد میچ جیتنا ہے۔ نیوزی لینڈ میں حالات تیز گیندبازوں، خصوصاً سوئنگ گیندبازوں کے لیے سازگار ہونے کی توقع ہے، تاہم ایئر نے پہلے سے کوئی حتمی رائے قائم کرنے کے بجائے حالات کے مطابق فیصلہ کرنے پر زور دیا۔

شیلش اور شرت نے تمغہ جیتا

آئچی-ناگویا، 21 اکتوبر (یو این آئی) ایشین پیرا گیمز میں ہندوستان کے شیلیش کمار نے مردوں کی لانگ جمپ ٹی 42 مقابلے میں 5.57 میٹر کی چھلانگ لگا کر کانسہ جیتا۔ ہندوستان کے ہی مہندر گرجر 5.56 میٹر کی چھلانگ کے ساتھ چوتھے مقام پر رہے۔ جاپان کے ہاتھے کونڈو نے 6.51 میٹر کی چھلانگ لگا کر طلائی تمغہ جیتا، جبکہ تھائی لینڈ کے چھاتھیپ کھمن نے 6.41 میٹر کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ شرت شنکاپل نے مردوں کی 1500 میٹر ٹی 12 ریس میں کانسہ جیتا۔ انہوں نے سیزن کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 4:11.01 کا وقت لیا اور تیسرے مقام پر رہے۔ ازبکستان کے فخرالدین خرالیف نے 4:07.48 کے وقت کے ساتھ طلائی اور ایران کے مجیل مکاظمی نے 4:07.97 کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ ان کامیابیوں کے ساتھ پیرا ایتھلیٹکس میں ہندوستان کے تمغوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہوا ہے۔

ورون چکرورتی کی واپسی سے ہندوستان کے سامنے انتخابی الجھن

کرائسٹ چرچ، ۲۱ اکتوبر (یو این آئی) نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے ٹی ۲۰ سے قبل ہندوستان کے سامنے سب سے بڑا سوال اسپن آل راؤنڈرز کے انتخاب کا ہے۔ ہندوستانی ٹیم گھریلو میدان پر اکشر پٹیل، شیوم دوبے اور ایک تیز گیندبازی آل راؤنڈر کے ذریعے آٹھ اوورز مکمل کرنے کی حکمت عملی اپناتی رہی ہے، لیکن نیوزی لینڈ میں اسے اس میں تبدیلی کرنا پڑ سکتی ہے۔ ٹیم شیوم دوبے کو باہر بٹھا کر دو تیز گیندبازی آل راؤنڈرز کو موقع دے سکتی ہے، حالانکہ دوبے نے اپنے گزشتہ میچ میں چھ گیندوں پر ۲۴ رنز بنائے تھے۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف بارش سے منسوخ ہونے والے سیریز کے فیصلہ کن میچ میں بھونیشور کمار کی واپسی ہوئی تھی اور تجربے کی بنیاد پر انہیں ایک بار پھر پلیئنگ الیون میں جگہ مل سکتی ہے۔ تاہم سب سے بڑا سوال فٹ ہو چکے ورون چکرورتی کو آخری الیون میں شامل کرنے کا ہے۔ کیا ہندوستان ایک اسپیشلسٹ اسپنر کو کھلائے گا یا تیسرے تیز گیندباز کو؟ کرائسٹ چرچ میں کھیلے گئے گزشتہ ٹی ۲۰ بین الاقوامی میچ میں جنوبی افریقہ نے تین اسپنرز کو میدان میں اتارا تھا، لیکن وہ سیزن کا آخری مرحلہ تھا۔ گرمیوں کے آغاز میں یہاں حالات تیز گیندبازوں کے لیے زیادہ سازگار رہتے ہیں۔ میزبان نیوزی لینڈ کو مارک چیپ مین کی غیر موجودگی ضرور کھلے گی، تاہم اسکواڈ میں اس کے پاس کپتان مچل سینٹنر کے علاوہ مائیکل بریسویل اور گلین فلپس جیسے تین اختیارات ہیں۔ فلپس صرف بلے باز کے طور پر بھی پلیئنگ الیون میں جگہ بنا سکتے ہیں۔ تیز گیندبازی میں جیکب ڈفی، میٹ ہنری، ایڈم ملن، لوکی فرگوسن، کائل جیمیسن اور بلیئر ٹکنر میں سے انتخاب کیا جا سکتا ہے۔ راچن رویندرا چوٹ کے باعث باہر ہیں، اس لیے فن ایلن اور ٹم سیفرٹ کے ساتھ ڈیون کونوے ٹاپ آرڈر میں بلے بازی کر سکتے ہیں۔ نیوزی لینڈ (ممکنہ): فن ایلن، ٹم سیفرٹ (وکٹ کیپر)، ڈیون کونوے، گلین فلپس، ڈیرل مچل، مائیکل بریسویل، مچل سینٹنر (کپتان)، جیمز نیشم، کائل جیمیسن، میٹ ہنری، لوکی فرگوسن۔ ہندوستان (ممکنہ): ابھیشیک شرما، سنجو سیمسن (وکٹ کیپر)، ایشان کشن، شریس ایئر (کپتان)، تلک ورما، شیوم دوبے، نتیش کمار ریڈی، اکشر پٹیل، بھونیشور کمار، پرسدھ یادو/ورون چکرورتی، ارشدیپ سنگھ۔

کانسے کا تمغہ جیتنے پر سرشٹی کو مبارکباد

جے پور، 21 اکتوبر (یو این آئی) راجستھان اسمبلی کے اسپیکر واسودیو دیوناتی نے جاپان کے ناگویا میں منعقدہ پیرا ایشین گیمز کے 10 میٹر ایئر پسٹل شوٹنگ مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیت کر ملک اور ریاست کا نام روشن کرنے پر اجمیر کی باصلاحیت کھلاڑی سرشٹی اروڑا کو مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ اس موقع پر مسٹر دیوناتی نے کہا کہ سرشٹی نے اپنی مضبوط قوت ارادی، سخت محنت اور اٹوٹ حوصلے سے یہ ثابت کر دکھایا ہے کہ کوئی بھی صورتحال خوابوں کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ناگویا میں ترنگے کا وقار بڑھانے والی سرشٹی کی یہ تاریخی کامیابی نہ صرف اجمیر بلکہ پورے راجستھان کی بیٹیوں اور نوجوانوں کے لیے ایک عظیم باعث تحریک ہے۔ مسٹر دیوناتی نے سرشٹی اروڑا کے روشن مستقبل اور آئندہ کھیلوں کے مقابلوں میں مزید کامیابیاں حاصل کرنے کی تمنا کی۔

ہندوستان کے 14 طلائی سمیت 62 تمغے

آئچی-ناگویا، ۲۱ اکتوبر (یو این آئی) ایشین پیرا گیمز ۲۰۲۶ کے تیسرے دن ایتھلیٹکس میں شاندار کارکردگی کی بدولت ہندوستان کے تمغوں کی تعداد ۶۰ سے تجاوز کر گئی۔ پہلے تین دن کے بعد ہندوستان کے مجموعی تمغوں کی تعداد ۶۲ ہو گئی ہے، جن میں ۱۴ طلائی، ۲۲ چاندی اور ۲۶ کانسہ شامل ہیں۔ سمرن شرما نے خواتین کی ۱۰۰ میٹر ٹی ۱۲ دوڑ میں گیمز ریکارڈ کے ساتھ طلائی تمغہ جیتا۔ یہ ان کا موجودہ ایشین پیرا گیمز میں دوسرا طلائی تمغہ ہے۔ وہ ایک ہی ایڈیشن میں دو طلائی تمغے جیتنے والی چوتھی ہندوستانی بن گئی ہیں۔ اس سے قبل انہوں نے ۲۰۰ میٹر ٹی ۱۲ میں بھی طلائی تمغہ جیتا تھا۔ اس سے پہلے ہانگژو میں منعقدہ گزشتہ ایڈیشن میں انکور دھاما نے مردوں کی ۵۰۰۰ میٹر ٹی ۱۱ اور ۱۵۰۰ میٹر ٹی ۱۱، جبکہ شیتل دیوی نے خواتین کے انفرادی کمپاؤنڈ اوپن اور مکسڈ ٹیم کمپاؤنڈ اوپن میں دو دو طلائی تمغے جیتے تھے۔ موجودہ ایڈیشن میں نشاد کمار نے بھی یہ کارنامہ انجام دیا ہے۔ انہوں نے پیرا لانگ جمپ ٹی ۴۷ اور منگل کو ہائی جمپ ٹی ۴۷ میں طلائی تمغے جیتے۔ موجودہ چیمپئن دلیپ مہادو گاویت نے مردوں کی ۱۰۰ میٹر ٹی ۴۷ میں طلائی جبکہ محمد یاسر نے چاندی کا تمغہ جیتا۔ پروین کمار نے مردوں کی ہائی جمپ ٹی ۶۴ میں ۲۰۰ء۲ میٹر کی چھلانگ کے ساتھ گیمز ریکارڈ قائم کرتے ہوئے طلائی تمغہ جیتا، جبکہ جگی نے ۱.۹۴ میٹر کے ساتھ چاندی حاصل کی۔

آدتیہ بھنڈارکر کو دو شاٹ کی برتری

احمد آباد، ۲۱ اکتوبر (یو این آئی) ڈی پی ورلڈ پی جی ٹی آئی کوالیفائنگ اسکول ۲۰۲۶-۲۷ کے فائنل کوالیفائنگ مرحلے میں ہندوستان کے آدتیہ بھنڈارکر نے دوسرے راؤنڈ میں ۳ انڈر ۶۹ کا اسکور کر کے مجموعی ۴ انڈر ۱۴۰ کے ساتھ دو شاٹ کی برتری حاصل کر لی۔ بھنڈارکر (۷۱-۶۹) پہلے دن مشترکہ طور پر چھٹے مقام پر تھے، لیکن دوسرے راؤنڈ میں پانچ برڈیز اور دو بوگیز کے ساتھ پانچ مقام کی بہتری کرتے ہوئے سرفہرست پہنچ گئے۔ پہلے راؤنڈ کے لیڈر بنگلہ دیش کے محمد صدیق الرحمن (۶۹-۷۳) ۲ انڈر ۱۴۲ کے اسکور کے ساتھ ہندوستان کے جوجی سورج دوبے (۷۳-۶۹) اور دیوانش سروہی (۷۱-۷۱) کے ساتھ مشترکہ دوسرے مقام پر ہیں۔ بائی ہاف وے کٹ ۱۲ اوور ۱۵۶ پر رہا اور ۱۲۳ کھلاڑیوں میں سے ٹاپ ۸۰ نے کٹ عبور کیا، جن میں ۱۱۱ ہندوستانی اور آٹھ غیر ملکی کھلاڑی شامل ہیں۔ ۲۷ سالہ بھنڈارکر گزشتہ ہفتے دہلی میں پری کوالیفائنگ ایونٹ میں دوسرے مقام پر رہے تھے۔

موبائل کریشیز کے سالانہ کھیلوں میں 1200 بچوں نے شرکت کی

نئی دہلی، 21 اکتوبر (یو این آئی) موبائل کریشیز کے 50 مراکز کے تقریباً 1200 بچوں نے نئی دہلی کے تیاگ راج اسپورٹس کمپلیکس میں منعقدہ سالانہ کھیلوں کے پروگرام 'کھیلتے رہو، کھلتے رہو' میں شرکت کی۔ اس پروگرام میں کھیل، ٹیم اسپرٹ اور بچوں کی شرکت کے جذبے کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر تعمیراتی مزدوروں، اینٹ بھٹوں پر کام کرنے والے مزدوروں اور دیگر محنت کش طبقوں کے بچوں نے مختلف کھیلوں میں حصہ لیا۔ سرگرمیوں کے ذریعے بچوں کو اپنی صلاحیتیں پہچاننے کے ساتھ نظم و ضبط، ثابت قدمی، خود اعتمادی اور ٹیم اسپرٹ جیسے اوصاف پروان چڑھانے کا موقع ملا۔ ہندوستانی پہلوان اور ارجن ایوارڈ یافتہ پوجا ڈھانڈا نے کہا کہ بچوں کو کھیلوں میں حصہ لینے اور مل کر کھیلنے کی خوشی کا موقع فراہم کرنا قابل تعریف ہے۔ کھیل بچوں کو نظم و ضبط، ٹیم اسپرٹ اور خود اعتمادی سمیت زندگی کی اہم مہارتیں سکھاتے ہیں اور ہر بچے کو اپنی صلاحیت پہچاننے کا موقع ملنا چاہیے۔ موبائل کریشیز کی سی ای او سمترا مشرا نے کہا کہ ہر بچے کو کھیلنے، سیکھنے اور آگے بڑھنے کا موقع ملنا چاہیے۔ کھیل اور جسمانی سرگرمیاں بچوں کی جسمانی، ذہنی اور جذباتی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ پروگرام کا اختتام انعامات کی تقسیم کے ساتھ ہوا، جس میں بچوں کی شرکت اور کھیل کے جذبے کو سراہا گیا۔

بنگلہ دیش اور نیپال میں کھیلا جائے گا ورلڈ کپ

نئی دہلی، 21 اکتوبر (یو این آئی) 2027 کا خواتین انڈر 19 ٹی 20 ورلڈ کپ 21 جنوری سے 6 فروری تک بنگلہ دیش اور نیپال کے چار میدانوں میں کھیلا جائے گا۔ مقابلے چٹاگانگ، سلہٹ، کیرتی پور اور مولپانی میں ہوں گے، جبکہ دونوں سیمی فائنل 4 فروری اور فائنل 6 فروری کو چٹاگانگ میں کھیلا جائے گا۔ 16 ٹیموں کے ٹورنامنٹ میں چار گروپ ہوں گے، جن میں چار، چار ٹیمیں شامل ہوں گی۔ گروپ مرحلے کے بعد دو گروپوں میں سپر سکس مرحلہ ہوگا، جس کے بعد سیمی فائنل اور فائنل کھیلے جائیں گے۔ یہ ٹورنامنٹ کا تیسرا ایڈیشن ہے۔ ہندوستان نے 2023 اور 2025 میں پہلے دونوں ایڈیشن جیتے تھے۔ موجودہ چیمپئن ہندوستان کو گروپ اے میں آئرلینڈ، ویسٹ انڈیز اور نیپال کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ گروپ بی میں جنوبی افریقہ، نیوزی لینڈ، پاکستان اور ساموا شامل ہیں۔ آسٹریلیا، بنگلہ دیش، نائجیریا اور متحدہ عرب امارات گروپ سی، جبکہ انگلینڈ، سری لنکا، امریکہ اور اسکاٹ لینڈ گروپ ڈی میں ہیں۔ ٹورنامنٹ کا آغاز 21 جنوری کو چار میچوں سے ہوگا۔ تمام 41 میچ دن میں کھیلے جائیں گے اور صبح کے مقابلے مقامی وقت کے مطابق 9:30 بجے جبکہ دوپہر کے میچ 1:30 بجے شروع ہوں گے۔ آئی سی سی کے چیف ایگزیکٹو سنجوگ گپتا نے کہا کہ انڈر 19 ورلڈ کپ نوجوان کھلاڑیوں کو اپنے ملک کی نمائندگی کرتے ہوئے اعلیٰ سطح پر کیریئر بنانے کا اہم موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش اور نیپال کو میزبانی دینا کرکٹ کے مستقبل کے لیے آئی سی سی کے اعتماد اور سرمایہ کاری کی عکاسی کرتا ہے۔

تیاگراجن کے ۱۱ وکٹ سے حیدرآباد کی آندھرا پر بڑی جیت

موہالی، ۲۱ اکتوبر (یو این آئی) تنئی تیاگراجن کی دونوں اننگز میں شاندار گیندبازی کی بدولت حیدرآباد نے موہالی میں کھیلے گئے میچ میں آندھرا کو ۲۶۷ رنز سے شکست دے دی۔ پہلی اننگز میں پانچ وکٹ لینے اور دوسری اننگز میں نصف سنچری بنانے والے تیاگراجن نے حیدرآباد کی دوسری گیندبازی کی اننگز میں مزید چھ وکٹ حاصل کیے۔ ان کی خطرناک گیندبازی کے سامنے ۳۹۸ رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے آندھرا کی ٹیم ۱۳۰ رنز پر سمٹ گئی۔ ترواننت پورم میں میچ سکسینا نے پانچ وکٹ حاصل کیے، جس کی بدولت کیرالہ نے اوڈیشہ کو ایک اننگز اور ۳۶ رنز سے شکست دی۔ فالو آن کھیلتے ہوئے اوڈیشہ نے چوتھے دن کا آغاز چار وکٹ پر ۱۰۲ رنز سے کیا، لیکن پوری ٹیم ۱۴۳ رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔ بلاسپور میں موہت اوستھی نے پانچ وکٹ لے کر ممبئی کو ہماچل پردیش کے خلاف بڑی جیت دلائی۔ فالو آن کھیلتے ہوئے ہماچل نے دن کا آغاز تین وکٹ پر ۱۴۳ رنز سے کیا اور آخرکار ۲۹۱ رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔ وبھو کالڑا اور پکھراج مان نے نصف سنچریاں بنا کر ممبئی کو روکنے کی کوشش کی، لیکن اوستھی نے ۴۴ رنز دے کر پانچ وکٹ حاصل کیے اور ممبئی نے ایک اننگز اور ۷۰ رنز سے کامیابی حاصل کی۔ نیو چنڈی گڑھ میں آیوش پانڈے کی شاندار سنچری کے باوجود چھتیس گڑھ کو پنجاب کے ہاتھوں سات وکٹ سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ فالو آن ملنے کے بعد چھتیس گڑھ نے تیسرا دن تین وکٹ پر ۱۴۳ رنز سے شروع کیا۔ پانڈے کے ۱۱۱ رنز اور نچلے آرڈر کے بلے بازوں کے مفید تعاون سے ٹیم ۳۳۵ رنز تک پہنچی۔ پنجاب کو جیت کے لیے ۸۶ رنز درکار تھے، جو اس نے ۱۶.۵ اوور میں حاصل کر لیے۔ کپتان اودے سہارن ۴۰ رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ شیلانگ میں کھیلے گئے رنجی ٹرافی پلیٹ گروپ کے میچ میں میگھالیہ نے دباؤ کے باوجود منی پور کو تین رنز سے شکست دی۔ ۲۰۶ رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے منی پور کی پوری ٹیم ۲۰۲ رنز پر سمٹ گئی۔ میگھالیہ کی جانب سے ابھیشیک کمار نے ۶۳ رنز دے کر تین، کیون کرسٹوفر نے ۳۱ رنز دے کر تین اور آریان بورا نے ۵۹ رنز دے کر دو وکٹ حاصل کیے۔ منی پور کے کرن جیت یمنام اور ریکس راج کمار نے نصف سنچریاں بنائیں، لیکن ٹیم جیت کے انتہائی قریب پہنچ کر ہار گئی۔ سنگھم موہن کے ۱۲۷ رنز کے علاوہ اکرش سنگھ (۱۳۹ گیندوں پر ۵۸ رنز)، آدتیہ سنگھ (۱۵۹ گیندوں پر ۵۰ رنز) اور وراٹ سنگھ (۱۳۵ گیندوں پر ۳۱ رنز) کی مزاحمتی اننگز کی بدولت جھارکھنڈ نے پونے میں مہاراشٹر کے خلاف میچ ڈرا کرایا۔ جھارکھنڈ نے دوسری اننگز میں ۱/۱۳۰ سے دن کا آغاز کیا اور اس وقت وہ مہاراشٹر سے ۲۴۸ رنز پیچھے تھا۔ مہاراشٹر نے وکٹ حاصل کرنے کی کوشش کی، لیکن جھارکھنڈ کے بلے بازوں نے آخر تک ڈٹ کر مقابلہ کیا اور ٹیم ۸/۳۴۴ کے اسکور پر میچ ڈرا کرانے میں کامیاب رہی۔ پہلی اننگز کی برتری کی بنیاد پر مہاراشٹر کو سبقت حاصل ہوئی۔ محمد سیف کی سنچری کی بدولت ریلوے نے جے پور میں راجستھان کے خلاف میچ ڈرا کرایا۔ پہلی اننگز میں ۶/۳۰۵ سے دن کا آغاز کرنے والی ریلوے کی ٹیم ۳۳۸ رنز پر آل آؤٹ ہو گئی، جس سے راجستھان کو ۱۵۹ رنز کی برتری حاصل ہو گئی۔ راجستھان کی جانب سے کوکنا اجے سنگھ نے چار وکٹ حاصل کیے۔ فالو آن کے بعد ریلوے نے دوسری اننگز میں دو وکٹ پر ۱۷۶ رنز بنائے۔ سیف ۱۰۳ اور ایشان گوئل ۵۹ رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے اور دونوں نے تیسری وکٹ کے لیے ۱۵۷ رنز کی ناٹ آؤٹ شراکت داری کی۔

امن اور انتم کی عدم شرکت سے سوجیت کلکل پر نظریں

نئی دہلی، 21 اکتوبر (یو این آئی) قازقستان کے آستانہ میں 24 اکتوبر سے یکم نومبر تک ہونے والی عالمی ریسلنگ چیمپئن شپ 2026 میں ایشین گیمز کے چیمپئن سوجیت کلکل ہندوستانی ٹیم کے اہم کھلاڑی ہوں گے۔ اولمپک تمغہ فاتح امن سہراوت، انتم پنگھال اور اولمپین ریک پونیا مختلف وجوہات اور چوٹ کے باعث اس مقابلے میں حصہ نہیں لے رہے ہیں۔ 23 سالہ سوجیت نے رواں ماہ ایشین گیمز میں 65 کلوگرام زمرے کا طلائی تمغہ جیتا تھا۔ انہوں نے فائنل میں تاجکستان کے عبدالماجد قدییف کو 2-9 سے پچھڑنے کے بعد 9-10 سے شکست دی تھی۔ سوجیت ایشین چیمپئن شپ اور انڈر 23 عالمی چیمپئن شپ کا خطاب بھی جیت چکے ہیں اور یو ڈبلیو ڈبلیو رینکنگ میں دنیا کے نمبر دو پہلوان ہیں۔ ایران کے موجودہ عالمی چیمپئن رحمان 65 کلوگرام میں سوجیت کے بڑے حریف ہوں گے۔ ایشین گیمز کی 15 رکنی ہندوستانی ٹیم میں سے صرف سوجیت، ساگر جگلان، منیشا بھنوالا، سنیل کمار اور تیجیش سیواچ عالمی چیمپئن شپ ٹیم میں شامل ہیں۔ تیجیش نے 97 کلوگرام میں چاندی اور سنیل نے 87 کلوگرام میں کانسہ جیتا تھا۔ عالمی چیمپئن شپ کے لیے ہندوستانی ٹیم: مردوں کی فری اسٹائل: راہل (57 کلوگرام)، کمل (61)، سوجیت کلکل (65)، وشال کالی رمن (70)، ساگر جگلان (74)، سوربھ یادو (79)، چشمیندر دلال (86)، مکل (92)، وکی (97)، جسپورن سنگھ (125)۔ خواتین: نیلم (50 کلوگرام)، انشو (53)، ایلیہ ایس محمدے (55)، نیہا شرما (57)، منیشا بھنوالا (59)، نیہا (62)، رجنی تا (65)، سرشٹی (68)، جو شرما (72)، کاجل (76)۔ گریکو رومن: للت (55 کلوگرام)، ہرش (60)، ساحل (63)، مکل سہراوت (67)، کرن جیت سنگھ (72)، لوپریت سنگھ (77)، پرنس (82)، سنیل کمار (87)، تیجیش سیواچ (97)، جوگیندر راٹھی (130)۔

وزیرِ اعلیٰ نے ڈون اسکول سرینگر میں سالانہ اسپورٹس ڈے کا افتتاح کیا

سرینگر، ۲۱ اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک :وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ڈون اسکول سرینگر کے سالانہ اسپورٹس ڈے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر طلبہ کے کھیلوں کے جذبے، صلاحیتوں اور کامیابیوں کو سراہا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے رنگ برنگے غبارے فضا میں چھوڑ کر تقریب کا باقاعدہ افتتاح کیا، جس کے ساتھ ہی دن بھر جاری رہنے والی سرگرمیوں کا آغاز ہوا۔ تقریب کے دوران اسکول کے طلبہ نے شاندار مارچ پاسٹ پیش کیا، جبکہ مارشل آرٹس کے مظاہروں، ثقافتی پروگراموں اور لڑکوں و لڑکیوں کی مختلف دوڑوں نے تقریب کو دلچسپ بنا دیا۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کی کھیلوں میں مہارت، نظم وضبط اور جوش و جذبے کا مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ اور اسکول ہاؤسز میں انعامات بھی تقسیم کیے۔ انہوں نے طلبہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ترغیب دی۔ انہوں نے نظم و ضبط، ٹیم ورک اور صحت مند مسابقتی جذبے کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، رکن اسمبلی سوناواری ہلال اکبر لون، رکن اسمبلی خان صاحب سیف الدین بھٹ، ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن کشمیر نصیر احمد وانی، ڈون اسکول سرینگر کے چیئرمین شوکت حسین خان، اسکول کے پرنسپل اور دیگر متعلقہ افراد موجود تھے۔

سندھو نے فیصلہ کن گیم جیت کر اگلے دور میں جگہ بنائی

پیرس، 21 اکتوبر (یو این آئی) دو بار کی اولمپک تمغہ فاتح پی وی سندھو نے دوسرے گیم میں شکست سے واپسی کرتے ہوئے فرنچ اوپن سپر 750 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں تھائی لینڈ کی عالمی نمبر 26 سپانیدا کاتی تھونگ کو 14-21، 21-8، 23-21 سے شکست دے کر اگلے دور میں جگہ بنائی۔ سابق عالمی چیمپئن سندھو نے ایک گھنٹہ چار منٹ جاری رہنے والے سخت مقابلے میں پہلا گیم 14-21 سے جیتا، لیکن کاتی تھونگ نے دوسرے گیم میں شاندار واپسی کرتے ہوئے 8-21 سے کامیابی حاصل کر کے مقابلہ برابر کر دیا۔ فیصلہ کن گیم میں دونوں کھلاڑیوں کے درمیان زبردست مقابلہ ہوا، تاہم دباؤ کے لمحات میں سندھو نے اپنا تحمل برقرار رکھا اور 21-23 سے گیم جیت کر اگلے دور میں داخل ہو گئیں۔ خواتین کے سنگلز کے ایک اور مقابلے میں ہندوستان کی انتی ہڈا کو جاپان کی رکو گیگی نے 21-18، 12-21، 21-17 سے شکست دی، جس کے ساتھ ہی ان کا ٹورنامنٹ میں سفر ختم ہو گیا۔

والی بال چیمپئن شپ 30 اکتوبر سے

گاندربل، 21 اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: والی بال ایسوسی ایشن آف بانڈی پورہ کے زیر اہتمام 38ویں بانڈی پورہ ضلعی والی بال چیمپئن شپ 30 اور 31 اکتوبر 2026 کو گورنمنٹ ہائی اسکول باغ، ضلع بانڈی پورہ میں منعقد ہوگی۔ یہ چیمپئن شپ والی بال ایسوسی ایشن آف جموں و کشمیر کے بینر تلے اور جموں و کشمیر اسپورٹس کونسل کے تعاون سے منعقد کی جا رہی ہے۔ منتظمین کے مطابق، چیمپئن شپ کا مقصد ضلع بھر کے والی بال کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے مظاہرے کے لیے ایک مسابقتی پلیٹ فارم فراہم کرنا، ان کی کھیل کی مہارتوں کو نکھارنا اور منظم مقابلوں کے ذریعے انہیں قیمتی تجربہ حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ چیمپئن شپ میں حصہ لینے کے خواہش مند کلبوں اور تعلیمی اداروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ 27 اکتوبر 2026 تک اپنی انٹریز جمع کرائیں۔ منتظمین نے تمام اہل ٹیموں پر زور دیا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ سے قبل رجسٹریشن کا عمل مکمل کریں، تاکہ مقابلوں میں ان کی شرکت یقینی بنائی جا سکے۔ رجسٹریشن اور شرکت سے متعلق مزید معلومات کے لیے دلچسپی رکھنے والے کلب اور ادارے آرگنائزنگ سیکریٹری ادرس اللہ حبیب سے موبائل نمبر **7889387215**، والی بال ایسوسی ایشن آف جموں و کشمیر کے خزانچی محمد طارق سے **9419675061** یا اسی ایسوسی ایشن کے کلدیپ گوترا سے **7889674993** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ہندوستان 53 تمغوں کے ساتھ چوتھے نمبر پر

آنچی ناگویا، ۲۱ اکتوبر (یو این آئی) چار سو میٹر دوڑ کے ماہر دلیپ مہادو گاگوڑے نے اس سال کے آغاز میں دولت مشترکہ کھیلوں سے ان کا بنیادی مقابلہ ہٹائے جانے کے بعد اپنا ایونٹ تبدیل کیا اور اب انہوں نے ایشین پیرا گیمز میں بھی ۱۰۰ میٹر ٹی ۴۷ مقابلے کا طلائی تمغہ جیت لیا ہے۔ اس سے قبل وہ دولت مشترکہ کھیلوں ۲۰۲۶ میں بھی اسی مقابلے میں طلائی تمغہ جیت چکے ہیں۔ دلیپ نے شاندار دوڑ لگاتے ہوئے گیمز ریکارڈ وقت کے ساتھ مردوں کی ۱۰۰ میٹر ٹی ۴۷ اسپرنٹ جیتی۔ انہوں نے ابتدا میں سست رفتار سے دوڑ شروع کی، لیکن آخری ۳۰ میٹر میں رفتار تیز کر دی۔ ہندوستان کے ایم مریگنکا کو ایک وقت میں سب سے آگے تھے، لیکن دلیپ کی تیز رفتاری کے سامنے وہ اپنی برتری برقرار نہ رکھ سکے۔ دلیپ کے بعد سمرن نے بھی شاندار کارکردگی جاری رکھتے ہوئے خواتین کی ۱۰۰ میٹر ٹی ۱۲ دوڑ میں گیمز ریکارڈ وقت کے ساتھ طلائی تمغہ جیتا۔ یہ ان کا ان کھیلوں میں دوسرا طلائی تمغہ ہے۔ اس سے قبل انہوں نے ۲۰۰ میٹر مقابلے میں بھی طلائی تمغہ جیتا تھا۔ ہندوستان ۵۳ تمغوں کے ساتھ تمغوں کی فہرست میں فی الحال چوتھے مقام پر ہے۔ ہندوستان کے روی رونگالی نے ناگویا میں مردوں کے شاٹ پٹ ایف ۴۰ مقابلے میں ۱۰٫۰۲ میٹر کی تھرو کے ساتھ کانسہ کا تمغہ جیتا۔ ان کی بہترین کوشش دوسری باری میں آئی، جب انہوں نے پہلی باری کی ۹٫۲۱ میٹر کی تھرو میں بہتری کرتے ہوئے ۱۰٫۰۲ میٹر کا فاصلہ طے کیا۔ عراق کے غراوہ تاکش نے ۱۰٫۷۸ میٹر کی تھرو کے ساتھ طلائی تمغہ جیتا، جبکہ ملائیشیا کے گان-ایروین گنسوخ نے ۱۰٫۳۰ میٹر کی ذاتی بہترین کارکردگی کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ پیرس پیرا اولمپکس میں دو تمغے جیتنے والی ہندوستان کی پریتی پال نے خواتین کی ۱۰۰ میٹر ٹی ۳۵ دوڑ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ پریتی نے تقریباً اپنی ذاتی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائنل دوڑ ۱۳٫۹۸ سیکنڈ میں مکمل کی۔

ستیش شرما آر ایس پورہ میں عظیم الشان دنگل میں شریک

آر ایس پورہ، ۲۱ اکتوبر: سرینگر ٹائمز نیوز ڈیسک: خوراک، شہری رسد و امور صارفین، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس اور سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے دسہرہ کے موقع پر آر ایس پورہ کی دنگل کمیٹی کی جانب سے بنا سنگھ اسٹیڈیم میں منعقدہ روایتی دنگل میں شرکت کی۔ اس موقع پر پہلوانوں نے طاقت، مہارت اور کھیل کے جذبے کا شاندار مظاہرہ کیا۔ دنگل میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے پہلوانوں نے جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا، جبکہ مقابلوں کو دیکھنے کے لیے کھیلوں کے شائقین اور مقامی لوگوں کی بڑی تعداد موجود رہی۔ اس دوران ۱۰۰ سے زائد کشتیوں کا انعقاد کیا گیا، جو جموں و کشمیر میں روایتی کشتی کی مقبولیت اور اس کی گہری ثقافتی جڑوں کی عکاسی کرتا ہے۔ مقابلے کی اہم کشتی میں ہریانہ کے شیرا اگر فاتح قرار پائے، جبکہ پنجاب کے بھوپندر اجنالہ نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ فاتح پہلوان کو ایک لاکھ روپے نقد انعام دیا گیا، جبکہ رنر اپ کو ۸۰ ہزار روپے سے نوازا گیا۔ اس موقع پر پٹکی مالی کے مقابلے میں بھی ایک لاکھ ۸۰ ہزار روپے کا انعام رکھا گیا تھا، جو تقریب کی اہم کشش رہا۔ مجموعی طور پر پہلوانوں میں ۱۶ لاکھ روپے سے زائد کے نقد انعامات تقسیم کیے گئے، تاکہ ان کی صلاحیتوں، محنت اور کھیل میں نمایاں کارکردگی کو سراہا جا سکے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ستیش شرما نے دنگل کمیٹی آر ایس پورہ کی ستائش کی اور کہا کہ کمیٹی روایتی کشتی کے فروغ اور اس کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مقابلے پہلوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے مظاہرے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں۔ وزیر نے کہا کہ روایتی کھیل جموں و کشمیر کے ثقافتی ورثے کا لازمی حصہ ہیں اور نوجوانوں میں نظم و ضبط، جسمانی فٹنس، حوصلے اور کھیل کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

اسٹار چیمپئن شپ میں اتریں گے سنگرام سنگھ

نئی دہلی، 21 اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی پہلوان سے ایم ایم اے فائٹر بنے سنگرام سنگھ 19 دسمبر 2026 کو لندن میں ہونے والی فائٹ اسٹار چیمپئن شپ 39 میں مقابلہ کریں گے۔ لندن کے انڈیگو ایٹ دی او 2 میں ہونے والے اس مقابلے میں ان کا سامنا مالٹا کے ڈولوچون سے ہوگا۔ اس مقابلے کو کاس ویٹ خطاب کے لیے ہونے والے مقابلے کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے۔ دو مرتبہ کامن ویلتھ ہیوی ویٹ کشتی چیمپئن رہ چکے سنگرام سنگھ نے مکسڈ مارشل آرٹس (ایم ایم اے) میں بھی شاندار آغاز کیا ہے اور اب تک اپنے چاروں پیشہ ورانہ مقابلے جیتے ہیں۔ انہوں نے ستمبر 2024 میں جارجیا میں گاما انٹرنیشنل فائٹنگ چیمپئن شپ میں پاکستان کے علی رضا ناصر کو صرف 90 سیکنڈ میں شکست دے کر ایم ایم اے میں قدم رکھا تھا۔ اس کے بعد انہوں نے تیونس کے حکیم طرابلسی اور فرانس کے فلوریان کوڈیئر کو شکست دی اور کوالالمپور میں اسٹرائیک ایشیا چیمپئن شپ کا خطاب جیتا۔ 19 جولائی 2026 کو اپنے گزشتہ مقابلے میں سنگرام نے پاکستان کے محمد عابد علی کو صرف 80 سیکنڈ میں ناک آؤٹ کر کے اسٹرائیک ایشیا چیمپئن شپ جیتی تھی۔ اس کامیابی سے بین الاقوامی ایم ایم اے سرکٹ میں ان کی حیثیت مزید مضبوط ہوئی۔ سنگرام نے کہا، "عمر صرف ایک عدد ہے۔ سب سے زیادہ اہمیت نظم و ضبط، لگن اور خود کو مسلسل چیلنج کرنے کے جذبے کی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ میں بین الاقوامی سطح پر ہندوستان کی نمائندگی کر رہا ہوں اور ایم ایم اے میں اپنا سفر آگے بڑھا رہا ہوں۔ لندن کا یہ میرا پہلا دورہ بھی ہوگا، اس لیے یہ موقع میرے لیے مزید خاص ہے۔ میں رنگ میں اپنی بہترین کارکردگی پیش کرنا چاہتا ہوں اور ہندوستان کے نوجوانوں کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ خواب پورا کرنے میں کبھی دیر نہیں ہوتی۔"

4 روزہ آرنہ مال گرلز کرکٹ ٹورنامنٹ اختتام پذیر

بارہمولہ / ۲۱ اکتوبر: کوشُر فاؤنڈیشن پٹن کے زیر اہتمام اور منظور احمد میر کی سرپرستی میں منعقدہ ۴ روزہ آرنہ مال گرلز کرکٹ ٹورنامنٹ ۲۰۲۶ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ ۱۷ سے ۲۰ اکتوبر تک پٹن کرکٹ گراؤنڈ میں منعقدہ اس ۴ روزہ ٹورنامنٹ میں کشمیر کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والی آٹھ ٹیموں نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کے فائنل میں ٹیم سونگرز بارہمولہ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کشمیر ناٹس وینز کرکٹ کلب بانڈی پورہ کو سات وکٹوں سے شکست دے کر ٹورنامنٹ اپنے نام کر لیا۔ ٹورنامنٹ میں بہترین کارکردگی پر آسیہ مجید نے پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کا خطاب حاصل کیا۔ اس ۴ روزہ گرلز ٹورنامنٹ میں سری نگر ناٹس، اوڑی چنار وینز کرکٹ کلب، بڈگام اسٹرائیکرز، پلوامہ اسٹرائیکرز، ٹیم سونگرز بارہمولہ، کشمیر ناٹس وینز کرکٹ کلب بانڈی پورہ، ینگسٹرز بارہمولہ اور سوپور واریئرز نے شرکت کی۔ کوشر فاؤنڈیشن نے جموں و کشمیر اسپورٹس کونسل کے تعاون کو سراہتے ہوئے اسپورٹس کونسل بارہمولہ کے منیجر شوکت احمد کا شکریہ ادا کیا۔ فاؤنڈیشن نے فائنل میچ میں خاص مہمان کی حیثیت سے شرکت کرنے والے ایم ایل اے پٹن جاوید ریاض بیدار اور دیگر معزز مہمانوں کی جانب سے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کو بھی سراہا۔ اس موقع پر سینئر کرکٹر اور آل انڈیا ریڈیو سری نگر کے سابق ڈائریکٹر سید ہمایوں قیصر، کشمیر ورلڈ فلم فیسٹیول کے بانی ڈائریکٹر مشتاق علی احمد خان اور جاوید اقبال مہمانانِ اعزازی کے طور پر موجود رہے۔ جبکہ سینئر تھیٹر، ٹی وی اور ریڈیو آرٹسٹ فرحت صدیقی، ماہر تعلیم اور شاعرہ محفوظہ نبی، ایس ڈی پی او پٹن ماجد اور ایس ایچ او پٹن مدثر احمد کی شرکت کو بھی سراہا گیا۔ فاؤنڈیشن نے سول سوسائٹی فورم پٹن، صحافیوں، رضاکاروں، امپائروں، اسکورر، کمنٹیٹرز، پٹن کرکٹ گراؤنڈ کے انچارج اور دیگر معاونین کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے جموں و کشمیر بینک، کشمیر مووی فوٹو سری نگر اور دیگر میڈیا اداروں کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہونے والے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "**سرینگر ٹائمز**" نے کھیل کے شائقین کی دلچسپی رکھتے ہوئے ان کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک خصوصی کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ادارے کے ای میل ایڈریس پر یا تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر **سرینگر ٹائمز** بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں۔

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں بلکہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے۔

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے۔ (ادارہ)

مکمل پتہ:
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر-190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

0194-2456781 مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں

Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781